مطبوعات ذخیرۂ آزاد

محمد اکرام چغتائی

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ

پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ

Marfat.com

Marfat.com

مطبوعاتِ ذخیرۂ آزاد

(پنجاب یونیورسٹی لائبریری، لاہور کے ذخیرۂ محمد حسین آزاد
کی فارسی، عربی، اردو اور پنجابی مطبوعات کی توضیحی فہرست)

ترتیب و تدوین
محمد اکرام چغتائی

شعبۂ اردو
یونیورسٹی اورینٹل کالج، لاہور

Marfat.com

138004

(شمس العلما مولانا محمد حسین آزاد (۱۸۳۰ء-۱۹۱۰ء) کے صد سالہ یوم وفات کی مناسبت سے)

مطبوعاتِ ذخیرۂ آزاد (توضیحی فہرست)

ترتیب و تدوین : محمد اکرام چغتائی

ناشر : پروفیسر ڈاکٹر تحسین فراقی، صدر شعبۂ اردو، اورینٹل کالج، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

کمپوزنگ : لیزر کمپوزنگ اِن، رائل پارک، لاہور (۰۳۰۰-۴۱۹۳۸۳۷)

ندیم اشرف کمپوزرز، لاہور (۰۳۳۳-۴۲۲۷۱۶۳)

مطبع : پنجاب یونیورسٹی پریس، لاہور

سنہ اشاعت : جون ۲۰۱۰ء (طبع اوّل)

تعداد : ۵۰۰

صفحات : ۴۲۸

قیمت : ۴۰۰ روپے

Marfat.com

پنجاب یونیورسٹی لاہور

کے نامور آزاد شناسوں:

حافظ محمود شیرانی، ڈاکٹر مولوی محمد شفیع،

ڈاکٹر سیّد عبداللہ اور ڈاکٹر محمد صادق

کے نام

Marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پروفیسر ڈاکٹر مجاہد کامران

وائس چانسلر

پنجاب یونیورسٹی

چیئرمین ہال، لاہور، پاکستان

حوالہ نمبر:۳۱۶/وی سی

مورخہ:۴ جنوری ۲۰۱۰

پنجاب یونیورسٹی کا شمار برعظیم کی قدیم ترین درس گاہوں میں ہوتا ہے۔اس کی مرکزی لائبریری ایک عرصے سے طلبہ، اساتذہ اور علما کی تدریسی، علمی اور تحقیقی ضرورتوں کو کما حقہ پورا کر رہی ہے۔اس لائبریری کی عالمی شہرت کا ایک سبب اس کے قلمی اور مطبوعہ کتب کے وہ نجی ذخائر بھی ہیں جو نامور ارباب علم و دانش نے خود یا اُن کے لواحقین نے قیمتاً یا بہ طور عطیہ اسے پیش کیے۔

مقامی علما و ادبا میں اُردو کے صاحبِ طرز انشا پرداز محمد حسین آزاد پہلی جانی پہچانی شخصیت ہیں جن کا نجی کتب خانہ ۱۹۱۳ء میں ہماری اس لائبریری کی زینت بنا۔ چند برسوں سے اس لائبریری میں محفوظ نادر و نایاب قلمی اور مطبوعہ کتب کے نجی ذخائر کی فہرست سازی کا کام شروع ہو چکا ہے۔اس سلسلے کی اہم کڑی ذخیرہ آزاد کی مفصل فہرست ہے جس میں عربی، فارسی، اردو اور پنجابی مخطوطات و مطبوعات کو الگ الگ جلدوں میں پیش کیا جا رہا ہے۔ یہ بات طمانیت کا باعث ہے کہ انتہائی مختصر وقت میں انھیں ترتیب دے کر آزاد صدی دو روزہ عالمی سیمی نار (۲۰، ۲۱ر جنوری ۲۰۱۰ء) کے موقع پر پنجاب یونیورسٹی کے شعبہ اُردو کے زیرِ نگرانی شایع کیا جا رہا ہے۔ مجھے امید ہے کہ یہ گراں قدر علمی کارنامہ شعبہ اردو کے اساتذہ و طلبہ ہی کے لیے نہیں، تمام اہل دانش کے لیے بھی ایک قیمتی ارمغان ثابت ہوگا اور اس سے اُردو، فارسی، عربی اور پنجابی ادبیات میں تحقیق و تفتیش کی نئی راہیں کھلیں گی۔

مجاہد کامران

پروفیسر ڈاکٹر مجاہد کامران

وائس چانسلر

پنجاب یونیورسٹی لاہور

فون: قائداعظم کیمپس: 92-42-9231098 علامہ اقبال کیمپس 92-42-9211612 فیکس 92-42-9231101 ای میل vc@pu.edu.pk

Marfat.com

Marfat.com

فہرستِ مندرجات

		صفحہ
سخنے چند	پروفیسر ڈاکٹر تحسین فراقی	۱۱
آزاد کا کتب خانہ یا تکیۂ علم	محمد اکرام چغتائی	۱۳

فارسی مطبوعات

مجموعہ ہائے کتب و رسائل	۵۱
اخلاق	۵۲
منطق	۵۳
ہندیات	۵۳
مسیحیت	۵۴
اسلامیات	۵۴
تصوف	۷۰
لغات	۷۰
قواعد زبان/ درسیات	۷۴
ریاضیات	۸۱
نجوم	۸۳
فالنامہ	۸۳
طب	۸۴
خوشنویسی	۸۶
علم ہیئت	۸۶
حکمتِ طبیعی	۸۷
فنِ حرب	۸۷

Marfat.com

تقویم	۸۸
فنِ شالبافی	۸۸
ڈرامہ	۸۹
نثری ادب	۸۹
انشاء	۹۳
قصص	۹۴
تذکرہ	۹۷
منظوم ادب	۹۹
جغرافیہ	۱۱۸
عمومی تاریخ	۱۱۹
تاریخ برصغیر پاک و ہند	۱۲۱
تاریخ ایران باستان	۱۲۸
تاریخ ایران	۱۲۹
تاریخ - دیگر ممالک	۱۳۰
سفرنامہ	۱۳۱

عربی مطبوعات

مجموعۂ رسائل	۱۳۵
منطق	۱۳۹
اسلامیات	۱۴۱
تصوف	۱۶۱
کلام	۱۶۱
تذکرہ	۱۶۳
لغات	۱۶۳
قواعد زبان	۱۶۶
ریاضیات	۱۷۳
نثری ادب	۱۷۴

Marfat.com

انشاء	۱۷۶
منظوم ادب	۱۷۶
تاریخ و تذکرہ	۱۸۱

اردو مطبوعات

فلسفہ	۱۸۶
منطق	۱۸۶
اخلاق	۱۸۸
ہندویات/سکھ مت	۱۸۹
مسیحیت	۱۹۱
اسلامیات	۱۹۳
تصوف	۲۰۳
اصول زبان شناسی/لسانیات/تعلیم و تدریس	۲۰۳
لغات	۲۰۸
نصابیات/قواعد زبان	۲۱۰
ریاضیات	۲۱۴
نجوم	۲۲۴
کیمیا	۲۲۵
طبیعیات	۲۲۶
طب	۲۲۷
معاشیات	۲۲۸
زراعت	۲۲۹
برقیات	۲۳۰
حفظانِ صحت	۲۳۰
نقشہ کشی	۲۳۱
علم ہیئت	۲۳۱
فن موسیقی	۲۳۱

Marfat.com

حیوانیات	۲۳۲
سیاسیات	۲۳۲
علم مدن	۲۳۲
نثری ادب	۲۳۳
انشاء	۲۴۳
مکاتیب	۲۴۴
تذکرہ	۲۴۵
منظوم ادب	۲۵۲
منتخبات	۲۶۶
جغرافیہ	۲۶۸
عمومی تاریخ	۲۷۳
تاریخ برصغیر پاک و ہند	۲۷۸
تاریخ امصار و عمارات	۲۸۱
سفرنامہ	۲۸۵
تعلیم و اصولِ تعلیم	۲۸۶
قرآن و حدیث	۲۹۴
فقہ جعفریہ	۲۹۷
متفرقات	۳۰۴
جرائد	۳۰۸

پنجابی مطبوعات

۳۱۲-۳۱۳

اشاریے

(کتب و رسائل، اشخاص، مقامات) ۳۱۷-۳۷۸

ذخیرۂ آزاد کی بعض اہم کتب کی عکسی نقول

Marfat.com

سخنے چند

مسلم ثقافت کو عظمت اور سربلندی عطا کرنے میں کتاب کا کردار نہایت بنیادی رہا ہے اور مسلم ثقافت ہی پر کیا موقوف ہے دنیا بھر کے تمدن کتاب ہی کے فیضِ ہمیشہ بہار سے سرسبز و شاداب رہے ہیں۔ کتاب کی فیض رسانی کا یہ سلسلہ نامختتم ہے۔ مردانِ حُر کی بضاعتِ اصلی نہایت قلیل رہی ہے: گھوڑے کی زین اور کتاب کی رفاقت! مگر غور کریں تو یہی بضاعتِ قلیل اُن کی قوت کا بنیادی سرچشمہ رہی ہے اور اسی سے جلال اور جمال کے وہ دھارے پھوٹتے رہے ہیں جن کے اتصال سے بالآخر کمال کی صورت گری ہوتی ہے:

اعزُّ مکانٍ فی الدنیٰ سرج سابحٍ
و خیر جلیس فی الزمانِ کتابُ

مسلم ثقافت کے امتیازات میں سے ایک یہ بھی ہے (گو کہ اب یہ امتیاز، مادیت پرستی کی بلاخیز آندھی سے ورق ورق ہو کر تیزی سے برباد ہو رہا ہے) کہ اس کے وابستگان اپنے نجی کتب خانے ترتیب دیتے تھے اور یہ کتب خانے نادر و نایاب قلمی (یا بعد ازاں مطبوعہ) نسخوں سے مالا مال ہوتے تھے۔ انھی وابستگانِ عشق میں ایک فردِ فرید ـــــ اردو نثر کے سلطان الکواکب ـــــ حضرت آزاد تھے جن کے پاؤں میں چکر تھا اور روح میں بے چینی۔ کاغذ پر لکھے انمٹ شبدوں کا شوق تھا اور قلم کی روشنائی سے اپنی اور دوسروں کی بصیرت اور بینائی کی افزائش کا سروسامان کرتے تھے۔ وسطِ ایشیا اور ایران کا گوشہ گوشہ چھان آئے اور قلمی اور مطبوعہ کتابوں کا ایک عمدہ ذخیرہ سمیٹ لائے۔ وفات کے چھ برس بعد یہی ذخیرہ مع متعدد سابقہ کتب کے ۱۹۱۳ء میں جامعہ پنجاب کے کتاب خانے کا نصیب ہوا اور ''ذخیرۂ محمد حسین آزاد'' کے نام سے موسوم ہوا۔

جامعہ پنجاب کی مرکزی لائبریری کے دیگر قیمتی اور پرارزش ذخائر کی طرح ''ذخیرۂ محمد حسین آزاد'' بھی بے نظیر ہے۔ اس کے نادر مخطوطات پر مشتمل توضیحی فہرست اس سے قبل شعبۂ اردو کے زیرِ اہتمام شایع ہو چکی اور اربابِ نظر سے خراجِ محبت وصول کر رہی ہے۔ زیرِ نظر کتاب اسی ذخیرے کی نادر اور

Marfat.com

سخنے چند

نایاب مطبوعات کی توضیحی فہرست پر مشتمل ہے جسے بڑی محنت، ہمت اور سلیقے سے اردو کے ممتاز محقق جناب محمد اکرام چغتائی نے مرتب کیا ہے۔ یقین ہے کہ متعدد نقلی و عقلی علوم پر مشتمل ذخیرۂ آزاد کی مطبوعات کی یہ فہرست تحقیق اور تدقیق کے نئے در وا کرے گی، ان شاء اللہ۔

اس توضیحی فہرست کو فاضل مرتب نے ترتیب و تدوین کے سائنسی اصولوں کی بنیاد پر مدوّن کیا ہے۔ عربی، فارسی اور اردو کے نامور عالم ڈاکٹر خورشید رضوی نے اس فہرست پر نظرثانی کی زحمت اٹھائی۔ راقم السطور نے بھی اس فہرست پر ایک سے زیادہ بار نظر ڈالی۔ امید کی جاتی ہے کہ کتب کے ذخیرہ ہائے فہارس میں یہ فہرست نمایاں امتیاز کی حامل ہوگی۔ شعبۂ اردو جناب محمد اکرام چغتائی کی اس کاوش پر ان کا بے حد ممنون ہے۔ ترتیب کتاب کے آخری مرحلے پر جناب رفاقت علی شاہد نے بھی چغتائی صاحب کی معاونت کی جس کے لیے راقم السطور ان کا بھی شکر گزار ہے۔

ناسپاسی ہوگی اگر اس موقعے پر دانش گاہِ پنجاب کے علم دوست اور دانش پرور رئیس جامعہ پروفیسر ڈاکٹر مجاہد کامران کا ذکر نہ کیا جائے۔ ڈاکٹر صاحب علمی منصوبوں کا جس وسعت نظر اور فراخ دلی سے خیر مقدم کرتے ہیں وہ لایقِ داد ہے۔ آزاد صدی سیمی نار کے موقع پر ذخیرۂ محمد حسین آزاد کی توضیحی فہارس اور دیگر اشاعتی منصوبوں پر انھوں نے جس مسرت اور گرم جوشی سے صاد کیا وہ میرے اور شعبۂ اردو کے تمام اساتذہ کے لیے بڑی تقویت کا موجب ہے۔ پیشِ نظر ''مطبوعاتِ ذخیرۂ آزاد'' ان کی علم پروری کی برہان اور مالی تعاون کی مرہونِ احسان ہے۔

مجھ پر یونیورسٹی لائبریری کے کتاب دار اعلیٰ جناب چودھری محمد حنیف اور ان کے معاون جناب حامد علی صاحب کا شکریہ بھی واجب ہے جنھوں نے فاضل مؤلف جناب محمد اکرام چغتائی کو ذخیرۂ مطبوعاتِ آزاد سے استفادے کی سہولت فراہم کی اور ان سے بھرپور تعاون کیا۔

امید ہے کہ اردو دنیا آزاد صدی کے موقعے پر شایع ہونے والی اس قابلِ قدر توضیحی فہرست کا خیر مقدم کرے گی۔

تحسین فراقی
صدر شعبہ اردو
یونیورسٹی اورینٹل کالج، لاہور

۲۹ر مئی ۲۰۱۰ء

Marfat.com

آزاد کا کتب خانہ یا تکیۂ علم

اردو زبان وادب کے بیشتر نامور مصنفین کی طرح ساحرانہ اسلوب نگارش کے انشاء پرداز مولانا محمد حسین آزاد کی مدح وقدح کی ترازو کے دونوں پلڑے خاصے بھاری ہیں اور تول میں جن باٹوں سے یہ اوپر نیچے ہوتے رہتے ہیں، وہ بھی زیادہ تر خود ساختہ اور غیر معتبر ہیں۔ ''کوتاہ نظر نکتہ چینوں''، ذی علم ناقدوں اور باریک بیں محققوں نے آزاد کی شخصیت اور ان کی قلمی نگارشات بالخصوص آب حیـــــات کی بعض فروگذاشتوں کی بناء پر انھیں شدید اعتراضات کا نشانہ بنایا۔ ثقہ معترضین میں کسی نے انہیں ''قیاس کی بلند پروازی سے طوطے مینا بنا کر'' اڑانے والا اور حقائق کو افسانوی رنگ میں پیش کرنے والا قلمکار قرار دیا۔ حیرت ہے، تنقیص آزاد کے ایک معتبر ناقد بھی یہ تحسینی کلمات لکھنے پر خود کو مجبور پاتے ہیں: ''مولانا آزاد صاحب طرز ہیں۔ ان کی طرز نہ ان سے پہلے وجود میں آئی اور نہ ان کے بعد کوئی اس کی تقلید کر سکا..... آزاد کا ابھی تک کوئی مقلد پیدا نہیں ہوا۔ حقیقت یہ ہے کہ مولانا آزاد اپنے انداز کے آپ ہی موجد تھے اور آپ ہی خاتم تھے۔''(۱) اس محقق کے دوسرے ہدف مولانا شبلی نے آزاد کے کمال اسلوب کو یوں ہدیۂ تبریک پیش کیا ہے: '' جانتا تھا کہ وہ [آزاد] تحقیق کے میدان کے مرد نہیں، لیکن ادھر اُدھر کی گپیں بھی ہانک دیتا تو وحی معلوم ہوتی۔'' (مکاتیب شبلی۔ خط نمبر ۳۶) مہدی حسن انہیں ''اردو لٹریچر کے عناصر خمسہ'' (سرسید، حالی، شبلی اور ڈپٹی نذیر احمد سمیت) میں شامل کرتے ہیں۔ مزید برآں متعدد نثر نگاروں نے آزاد کے اسلوب بیان کے تتبع میں اپنے قلم کی تمام توانائیاں صرف کر دیں، پھر بھی اصل اور نقل کا فرق مٹ نہ سکا۔ حتیٰ کہ بعض نامور مصنفین کی تصانیف پر پیروئ آزاد کی گہری چھاپ ہے، بلکہ کہیں کہیں پر سرقہ کا گمان ہوتا ہے۔

بلاشبہ آزاد کے منفرد اور ناقابلِ تقلید طرزِ اسلوب نے ان کو دوام بخشا اور وہ تاریخ ادبِ اردو کے شہ

Marfat.com

نشینوں میں عزت واحترام سے بٹھائے گئے، لیکن بنظرغور دیکھا جائے تو ان کو یہ اعلیٰ وارفع مقام دلانے میں صرف یہی ایک عنصر کارفرما نہیں بلکہ کچھ دیگر عوامل نے بھی اپنا حصہ ڈالا ہے۔ انھی اسباب وعلل میں وہ نئی راہیں ہیں، جو آزاد کے جدت پسند تخلیقی رویوں نے متعارف کرائیں اور اگر انھیں ''اولیاتِ آزاد'' کا نام دیا جائے تو مناسب ہوگا۔ ان اولیات کا مختصر ذکر سطور ذیل میں کیا جاتا ہے:

۱۔ اردو میں آزاد مطالعۂ لسانیات (مع تقابلی لسانیات)، زبان کے آغاز اور اس کے مختلف ارتقائی مراحل کو زیر بحث لائے۔

۲۔ تاریخِ الفاظ یعنی تحریر وتقریر میں مستعمل الفاظ کی املائی اور معنوی تبدیلیوں کی نشاندہی۔ بعد میں یہی مباحث سرگذشت الفاظ (از احمد دین) اور پرانے الفاظ کی نئی تحقیق (از سید سلیمان ندوی) جیسے مطالعات کا پیش خیمہ ثابت ہوئے۔

۳۔ سائنسی انداز میں اردو میں فقہ اللسان کا موضوع آزاد ہی کی اختراعی استعداد کا مظہر ہے۔ انھوں نے پہلے پہل ہمیں لسانی تحقیق کا راستہ دکھایا۔

۴۔ اردو میں باقاعدہ ادبی تاریخ کی ابتدا (یعنی آب حیات)

۵۔ انجمن پنجاب کے مشاعروں کے ذریعے جدید نظم اور جدید شاعری کی داغ بیل ڈالی۔

۶۔ ان کے علمی تنقیدی لیکچرز نے اردو میں جدید تنقید کا سنگ بنیاد رکھا۔ (۲)

۷۔ بحوالہ ''نیرنگ خیال'' افسانہ نگاری کا نقطۂ آغاز۔ (۳)

۸۔ اردو میں ہلکی پھلکی شگفتہ مضمون نگاری کے اولیں نقوش انھی کی تحریروں میں نظر آتے ہیں۔

۹۔ اردو میں (داستان اور شاعری کو چھوڑ کر) ادبی تصنیف کی ساکھ سب سے پہلے تصانیف آزاد نے قائم کی۔

۱۰۔ ''آب حیات'' کو اردو شعراء کا پہلا تذکرہ کہا جاتا ہے، جس میں مصنف نے اردو کی کل شاعری پر نظر کر کے اس کو مختلف ادوار میں تقسیم کیا اور ہر دور کی زبان اور شعری خصوصیات بیان کرنے کے بعد اس عہد کے بڑے شعراء کا حال اس تفصیل اور اس خوبی سے لکھا کہ ان کی چلتی پھرتی، بولتی چالتی تصویریں کتاب پڑھنے والوں کے سامنے آ جاتی ہیں اور ساتھ ہی وہ زمانہ اور وہ ماحول بھی آنکھوں میں پھر جاتا ہے جس میں ان کی شاعری نے نشوونما پائی تھی۔

Marfat.com

۱۱۔ اسی کتاب یعنی ''آب حیات'' نے اردو کے قدیم شاعروں سے عام دلچسپی پیدا کر کے لوگوں میں ادبی تحقیق کا شوق اور اردو شعروادب کی تاریخ لکھنے کا خیال پیدا کر دیا اور شاعروں کے حالات کے ساتھ ان کے زمانے اور ماحول کی تصویر کشی کی ضرورت محسوس کرادی۔

۱۲۔ اردو زبان نے فارسی انشاء پردازی سے جو استفادہ کیا، اس کا اعتراف کرتے ہوئے ان نقصانات کی طرف ''آب حیات'' ہی نے ہمیں سب سے پہلے توجہ دلائی جو فارسی کے رنگین اور تخیلی انشاء پردازوں کی تقلید سے اردو کو پہنچے۔

۱۳۔ اردو نثر کی طرح اردو شاعری کی اصلاح میں بھی ''آب حیات'' نے اہم اور بنیادی کردار ادا کیا۔

۱۴۔ اردو ادباء میں سب سے پہلے آزاد ہی نے اس بات کی طرف توجہ مبذول کرائی کہ شاعروں کو محض تفریح طبع کا ذریعہ نہیں بنانا چاہئے، بلکہ اس سے سماجی اور سیاسی نظام کی اصلاح یا تبدیلی کا کام بھی لینا چاہئے۔

۱۵۔ ''آب حیات'' ہمارے معاشرے بالخصوص اس کے علمی و ادبی پہلو کا ایسا مکمل نقشہ کھینچتی ہے، جس کی مثال کوئی دوسری تصنیف پیش نہیں کر سکتی۔ (۴)

۱۶۔ ۱۹۴۷ء سے قبل محکوم ہندوستان کے بدیسی حکمرانوں کی جانب سے نامور اصحاب علم و دانش کی علمی و ادبی خدمات کے اعتراف کے طور پر انہیں ''شمس العلماء'' کے خطاب سے نوازا جاتا تھا۔ بہت سے علماء اور ادباء کو یہ اعزاز حاصل ہوا، (۵) لیکن متحدہ ہندوستان میں سب سے پہلے جو ادیب اس اعزاز کا مستحق قرار پایا، وہ محمد حسین آزاد تھے (۶) (۱۸۸۷ء)۔ ''اردو لٹریچر کے عناصر خمسہ'' میں سر سید احمد خاں کو چھوڑ کر بقیہ تینوں اصحاب یعنی شبلی نعمانی، ڈپٹی نذیر احمد اور الطاف حسین حالی کو آزاد کے بعد یہ خطاب تفویض ہوا۔ (بالترتیب ۱۸۹۴ء، ۱۸۹۷ء، ۱۹۰۴ء)

۱۷۔ مصنف اور کتاب کا تعلق صدیوں پرانا ہے۔ یہ ممکن ہی نہیں کہ کوئی لکھا پڑھا شخص کتب شناسی، کتب بینی اور متعلقہ کتب کی جمع آوری کا شوق نہ رکھتا ہو۔ ان میں بعض ارباب علم اور شائقین کتب نے عمر بھر کی جمع پونجی خرچ کر کے عظیم نجی کتاب خانے یادگار چھوڑے، جو آج بھی دنیا بھر کے تشنگان علم و ادب کی پیاس بجھا رہے ہیں۔ انھی معروف کتاب خانوں کی طویل فہرست میں ایک کتب خانۂ آزاد بھی ہے، جو انھوں نے اپنی بنیادی ضرورتوں کو پس پشت ڈال کر اپنے محدود مالی وسائل کے بل بوتے

Marfat.com

پر اور اندرون و بیرون ملک (وسط ایشیا، ایران) کے کٹھن سفروں کی صعوبتیں برداشت کر کے بنایا تھا۔ دیگر اہل علم کی طرح یہ کتاب خانہ ان کے ذاتی ذوق وشوق کا مظہر ہے اور جب انھیں ضرورت پڑتی، وہ خود بھی اس سے استفادہ کرتے، لیکن تمام کتاب خانوں میں آزاد کے اس کتب خانے کا امتیازی وصف یہ ہے کہ انھوں نے اپنے ذاتی مصارف سے ایک الگ عمارت تعمیر کرائی اور اپنے تمام ذخیرۂ کتب کو ''برائے نظر گاہ خاص و عام'' وہاں منتقل کر دیا۔ اس پس منظر میں آزاد پہلے شخص ہیں، جنھوں نے اپنے ذاتی کتب خانہ کو پبلک لائبریری کی شکل دے دی اور جب تک وہ عالم ہوش میں رہے، ان کی نگرانی میں اس کتب خانے سے عامۃ الناس مستفید ہوتے رہے۔

۱۸۔ تقریباً بیس برس (۱۸۹۰ء-۱۹۱۰ء) آزاد نے بقول سید جالب دہلوی ''وجدانی کیفیت'' میں گزارے۔ اس دوران میں بامر مجبوری کتب خانۂ آزاد پر تالے پڑے رہے۔ ان کی رحلت کے تین سال بعد یعنی ۱۹۱۳ء میں ان کے اکلوتے فرزند آغا محمد ابراہیم ابرو (۱۸۶۵ء-۸ دسمبر ۱۹۲۰ء) نے قلمی اور مطبوعہ کتب کا یہ نادر ذخیرہ بتوسط گورنر، پنجاب یونیورسٹی لائبریری کو بلا قیمت پیش کر دیا اور اب بھی یہ کتب خانۂ آزاد کے نام کے تحت اسی لائبریری کے اورینٹل سیکشن میں محفوظ ہے۔ اب تک اس سیکشن میں متعدد اہل علم کے ذاتی ذخائر کتب (خطی و مطبوعہ) قیمتاً یا ہدیتاً شامل ہو چکے ہیں، جو عالمی سطح پر اس لائبریری کی پہچان ہیں (مثلاً حافظ محمد محمود شیرانی، پروفیسر آزر، پروفیسر شیخ محمد اقبال وغیرہ)، لیکن جس علمی شخصیت کا ذاتی کتب خانہ سب سے پہلے اس لائبریری کی زینت بنا، وہ محمد حسین آزاد کا جمع کردہ تھا۔

اسی کتب خانۂ آزاد کے آغاز، تشکیلی مراحل، کتابیں جمع کرنے کی جان لیوا تگ و دو، قیام، بندش اور بالآخر منتقلی کی روداد سطور ذیل میں پیش کی جا رہی ہے۔

آزاد کے پُرکھوں نے ایران کو خیر باد کہہ کر ہندوستان کو اپنی مستقل قیام گاہ بنا تو لیا، لیکن اپنی مادری زبان یعنی فارسی سے گہرے لگاؤ اور علوم متداولہ سے تعلق کی مستحکم روایت کو قائم و دائم رکھا۔ ہر پڑھے لکھے شخص کو جن بنیادی مصادر کی ضرورت پڑتی ہے، وہ لازماً ان کے ہاں بھی دستیاب ہوں گے، لیکن باقاعدہ طور پر نجی کتب خانہ قائم کرنے کی روایت کا آغاز آزاد کے دادا اخوند محمد اکبر نے کیا، چنانچہ وہ خود ''سیر ایران'' میں یہ اطلاع دیتے ہیں کہ

Marfat.com

''بندۂ آزاد خانماں برباد تباہی دہلی کے بعد کئی سال تک سرگرداں پھرتا رہا۔ جب قسمت نے قرار پکڑا اور اتنی فرصت ملی کہ اپنے حال پر افسوس کروں تو سب سے زیادہ افسوس مجھے اس کتب خانے کا تھا جو دو پشت سے میرے بزرگوں نے جمع کیا تھا اور میں نے اس کے بڑھانے اور آراستہ کرنے کی کوشش کی تھی۔''(۷)

کہا جاتا ہے کہ محمد اکبر اپنے دور کے علمائے دین اور مجتہدین میں شمار کئے جاتے تھے اور انھوں نے دینی علوم کی ترویج وتدریس کے لئے ایک مدرسہ بھی قائم کر رکھا تھا۔ متذکرہ بالا اقتباس کے مطابق محمد اکبر کے تبحر علمی کے خزینے ان کے قائم کردہ مدرسے اور کتاب خانے سمیت مولوی محمد باقر یعنی آزاد کے والد کو منتقل ہوئے۔ ابھی تک آغا محمد باقر نبیرۂ آزاد (۸) اور ڈاکٹر محمد صادق (۹) نے مولوی محمد باقر پر جو مضامین لکھے ہیں، ان میں موصوف کی ابتدائی تعلیم (دہلی کالج میں)، نیلام گھر اور امام باڑہ کی تعمیر، ''دہلی اردو اخبار'' کے اجراء، دہلی کالج کے شیعہ استاد قاری جعفر علی جارچوی سے تنازعہ، پرنسپل دہلی کالج فرانسس ٹیلر سے دوستانہ مراسم اور پھر اسی کے قتل کے الزام میں پھانسی پانے کی تفصیلات فراہم کی گئی ہیں۔ کہیں کہیں ان کے عالم دین اور مجتہد ہونے کا بھی ضمناً ذکر کیا گیا ہے، لیکن ان کے نجی کتاب خانے کا کسی نے ذکر تک نہیں کیا۔ بعض معاصر شواہد ان کے جھگڑالو مزاج کی نشاندہی کرتے ہیں (۱۰) اور حال ہی میں نیشنل آرکائیوز (دہلی) سے جو دستاویزات سامنے آئی ہیں، ان کی روشنی میں ۱۸۵۷ء میں ان کے دوغلے کردار کا پتہ چلتا ہے۔ (۱۱) اپنے والد کی طرح آزاد بھی دہلی کالج کے طالب علم رہے اور جب یہاں کے شیعی مدرس اول قاری جعفر علی سے اختلافات شدت اختیار کر گئے تو انہیں سنّی طلباء کی جماعت میں منتقل کرا دیا گیا۔ ٹیلر کے دوبارہ پرنسپل تعینات ہوتے ہی دہلی کالج کے انتظامی معاملات میں مولوی محمد باقر کافی مؤثر حیثیت اختیار کر گئے۔ ظاہر ہے، والد کے اثر ورسوخ کا کچھ نہ کچھ فائدہ بیٹے یعنی آزاد کو ہوا ہوگا۔ فارغ التحصیل ہوتے ہی آزاد نے ''دہلی اردو اخبار'' کی ادارت سنبھال لی اور ساتھ ہی انھی کی نگرانی میں اسی اخبار کے پریس سے کتابیں بھی طبع ہونے لگیں۔ آزاد اپنے والد کے جھگڑوں اور نزاعی سرگرمیوں میں ملوث رہے یا نہیں؟ اس کا ثبوت ''دہلی اردو اخبار'' ہی سے مل سکتا ہے، بشرطیکہ اس کا مکمل فائل کہیں سے دستیاب ہو جائے۔ فی الحال یہی غنیمت ہے کہ آزاد نے اپنا آبائی کتب خانہ نہ صرف سنبھالے رکھا، بلکہ مقدور بھر اس میں اضافے کرتے رہے۔ ان دنوں سرکاری کتاب خانوں کی جو ناگفتہ بہ حالت تھی، اس کی ایک جھلک اشپرینگر نے دکھائی ہے۔ (۱۲) نجی کتاب خانے بھی تباہی و بربادی کے

Marfat.com

اسی عمل سے گزر رہے تھے۔ چنانچہ وہ لکھتا ہے:

''ہندوستانی قوم عجیب ہے۔ شاید ہی کوئی گھرانا ایسا ہوگا جہاں چند بے مثل مخطوطات مصور یا مذہب نہ ہوں۔ یہ نادر کتابیں، اگر اہل یورپ کے ہاتھ لگیں تو ان کی اکاڈمیاں برس ہا برس تک ریسرچ میں مصروف رہیں، لیکن یہ قوم ایسی بدتوفیق بھی ہے کہ یہ نایاب مخطوطے بوریوں میں بند ہیں اور دیمک ان کو چاٹ رہی ہے۔''(۱۳)

مقام صد شکر ہے کہ اس ''بدتوفیق قوم'' میں آزاد جیسے جواں ہمت اور تعلیم یافتہ افراد موجود تھے، جو اپنے آباء کے جمع کردہ ذخائر کتب کی اہمیت سے کما حقہٗ واقف تھے اور انہوں نے اس خاندانی ورثے کو محفوظ رکھنے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا۔

۱۸۵۷ء کی بقول غالب ''رستخیزِ بیجا'' نے سیاسی، سماجی اور تہذیبی اعتبار سے دہلی کو تباہ و برباد کر دیا۔ گھر گھر صف ماتم بچھی تھی۔ زندگی کی رونقوں سے بھرے پُرے گلی محلوں پر شہر خموشاں کا گماں ہوتا تھا۔ شرفاء کے صدیوں پرانے گھرانے لٹ گئے اور وہ جائے پناہ کی تلاش میں در بدر کی ٹھوکریں کھانے لگے۔ انھی ہزاروں بے خانماں اور لٹے پٹے افراد میں ایک آزاد بھی تھا، جس کے باپ کو تختۂ دار پر لٹکا دیا گیا۔ عورتوں اور بچوں پر مشتمل بائیس افراد کا خاندان در بدر کی ٹھوکریں کھاتا رہا۔ آبائی کتب خانے سمیت تمام اثاث البیت لوٹ مار کی نذر ہو گیا۔ بالآخر دہلی سے مستقلاً ہجرت کرنا پڑی، جس کو چھوڑنا ان کے لئے بہشت سے نکلنے کے مترادف تھا۔ چند برسوں کی آوارہ خرامی، بے سروسامانی اور بادیہ پیمائی کے بعد لاہور پہنچتے ہی ان کی زندگی میں ٹھہراؤ اور قدرے سکون و اطمینان کے آثار دکھائی دینے لگے، لیکن ان کی بیشتر تحریروں سے یوں محسوس ہوتا ہے کہ دو پھانسیں ایسی تھیں، جن کی ٹیسوں نے انھیں زندگی بھر مضطرب کیے رکھا۔ ان میں ایک تو وہی ۱۸۵۷ء کے المناک حوادث تھے، جن کی یاد نے انھیں مسلسل ذہنی اذیت میں مبتلا رکھا۔ دوسری پھانس وہ کتب خانہ تھا، جو انھیں ورثہ میں ملا تھا۔ باپ دادا کے جمع کردہ اس خزینۂ علم و ادب کو ''بڑھانے اور سنوارنے'' میں وہ بھی کوشاں رہے، لیکن فسادات کی تند و تیز لہریں گھر کے دیگر مال و متاع کے ساتھ علم و دانش کے اس قیمتی ذخیرے کو بھی بہا لے گئیں۔ آزاد کی یہ خوش بختی تھی کہ انھیں لاہور آتے ہی ڈاکٹر لائٹنر جیسا علوم شرقیہ کا مخلص بہی خواہ مل گیا، جس نے مولانا کی خداداد صلاحیتوں کو بھانپتے ہی ان کو ملازمت دلوائی اور پھر اپنی نئی قائم کردہ انجمن پنجاب کا انھیں سیکرٹری بھی مقرر کر دیا۔ اس انجمن کا ایک کتب خانہ بھی تھا، جو اس کے اغراض و مقاصد کے حصول ہی کے

Marfat.com

لئے قائم کیا گیا تھا۔ (۱۴) بطور سیکرٹری آزاد نے اس کتب خانہ کو وسعت دینے میں شبانہ روز محنت کی کہ جیسے یہی اس کا لٹا ہوا نجی کتب خانہ تھا۔ ان کی دلی خواہش تو یہی تھی کہ اپنے بزرگوں کی پیروی میں الگ سے ذاتی کتاب خانہ قائم کریں، لیکن ابھی محدود مالی وسائل اس راہ میں حائل تھے۔ پھر بھی انھوں نے اس سرکاری کتاب خانے کو اپنا جان کر اس کی ترویج وترقی میں ان تھک محنت کی۔ (۱۵)

نامور ادیب، نقاد، مؤرخ، ماہر لسانیات اور سب سے بڑھ کر استاد ہونے کی حیثیت سے آزاد کتابوں کے رسیا تھے، لیکن ان کا اصل مقصد نہ صرف اپنے لیے بلکہ ''افادۂ خاص وعام'' کے لئے ذاتی کتاب خانے کا قیام تھا۔ وہ خود اپنی اس خواہش کا اظہار یوں کرتے ہیں:

''.....خدا سے التجا کی کہ اگر مجھے وسعت ملے تو ایک کتب خانہ نظر گاہ خاص وعام میں آراستہ کروں اور جس قدر ممکن ہو، ہر فن کی کتابیں اس میں رکھوں کہ کسی قسم کے ضرورت مند کو کسی بد دماغ سے التجا کرنے کی ضرورت نہ پڑے۔'' (۱۶)

برسوں انھیں مطلوبہ ''وسعت'' یعنی اتنی مالی آسودگی حاصل نہ ہوسکی کہ وہ اپنی اس دیرینہ خواہش کو پایۂ تکمیل تک پہنچا سکتے۔ مالی اعتبار سے اس تنگی داماں کے باوجود وہ اس ''مہم عظیم'' کو سر کرنے میں کوشاں رہے۔ بقول آغا محمد باقر نبیرۂ آزاد:

''وہ جہاں کہیں بھی جاتے، پہلے پرانے سکے اور کتابیں تلاش کرتے۔ اگر کوئی اچھی اور نایاب کتاب مل جاتی تو فوراً خرید لیتے۔ سب سے پہلے انہوں نے وسط ایشیا کا سفر کیا۔ جب واپس آئے تو کتابوں سے لدے پھندے تھے۔ پھر کلکتہ کا سفر کیا۔ وہاں سے بھی اچھی اچھی کتابیں خرید کر لائے۔ کالج میں جب گرمیوں کی چھٹیاں ہوئیں تو وہ آرام نہ کرتے۔ اپنے شاگردوں سے کہتے اگر تمہارے شہر یا قصبے میں کسی کے پاس کتابیں ہوں اور وہ انھیں فروخت کرنا چاہے تو مجھے اطلاع دینا۔ (۱۷) ان کے شاگرد انھیں اطلاع دیتے اور وہ کتابیں لینے کے لئے وہاں پہنچ جاتے۔'' (۱۸)

آزاد نے نجی کتاب خانہ قائم کرنے کی غرض سے کیا کیا پاپڑ نہیں بیلے، ہر طرح کے آرام وآسائش سے کنارہ کشی اختیار کرلی، جزرسی کی انتہا کردی اور 'محتاجوں کی طرح'' زندگی بسر کرتے رہے۔ تقریباً بیس برس کی اس ''ریاضت'' کے بعد وہ دس ہزار روپے پس انداز کرنے میں کامیاب ہوسکے۔ انھی دنوں حکومت نے لاہور میں تمام صوبہ کے لئے ایک عام کتب خانہ قائم کرنے کی تجویز پیش کی اور ایک ریزولیوشن (بابت ۸ دسمبر

Marfat.com

۱۸۸۴ء) ''گورنمنٹ گزٹ پنجاب'' (بابت ۲۲ دسمبر ۱۸۸۴ء) میں شائع کرا دیا۔ جس کے مطابق تمام سرکاری مطبوعات اور مشرقی ممالک وغیرہ کے علم وادب کی عام کتابیں جمع کرنا تھا۔ اس کے انتظام وانصرام کے لئے ایک کمیٹی بھی مقرر کر دی گئی۔ (۱۹) اس تجویز کے مطابق پنجاب پبلک لائبریری کا قیام عمل میں آیا۔ ممکن ہے، حکومت کے ایسے اقدام نے آزاد کے شوق کو مہمیز کیا ہو اور انہوں نے ''کئی عمر کی کمائی'' سے کتابیں جمع کرنے کی غرض سے رخت سفر باندھ لیا ہو۔ چنانچہ ناسازی طبع کی پروا کیے بغیر ایران اور عرب کے کٹھن سفر کا مصمم ارادہ کر لیا، تاکہ نادر و نایاب کتب ارزاں قیمتوں پر جمع کی جا سکیں۔ بقول آزاد ''مجھے اس سفر میں بڑی غرض کتابوں کی تلاش تھی۔'' (۲۰) ایک اور جگہ قدرے تفصیل سے لکھتے ہیں کہ

''الحمدللہ کہ روز بروز کچھ نہ کچھ صورت بنتی ہی گئی۔ اس عالم میں مَیں نے یہ انتظام رکھا کہ جو کچھ خدا دیتا، کم اس سے خرچ کرتا، باقی جمع کرتا جاتا۔ خانہ بربادوں کی طرح گزران کرتا اور اپنے مبارک ارادے سے خانہ دل کو روشن کرتا تھا۔ اس اثنا میں کوئی ایسی کتاب جو کم ہاتھ آئے، مل جاتی تو لے لیتا کہ ایک دن کام آئے گی۔

اس قسم کے ارادے حقیقت میں مہمات عظیم کی قسم کے ہوتے ہیں۔ مجھے یہ بھی خیال آتا تھا کہ میری کئی عمر کی کمائی بھی اس مراد کو پورا نہ کرے گی، اسی لیے سوچتا تھا کہ جو کتابیں اس ملک میں نایاب ہیں، وہ عرب اور ایران میں ارزاں ملیں گی، اس لئے ایک سیاحت ان ملکوں کی کرنی چاہئے، لیکن عمر گزرے جاتی تھی۔ دوسرے مجھ جیسے محتاج شخص کو پہلے گزارے کا فکر کرنا واجب تھا۔'' (۲۱)

خرابیٔ صحت کے علاوہ ''سات بیٹوں سے گراں بہا'' جوان بیٹی امۃ السکینہ کی رحلت، دوست نما دشمنوں کی در پردہ سازشوں اور حصول رخصت میں دشواریوں (۲۲) کے باوجود آزاد نے اپنے عزم سفر کو متزلزل نہیں ہونے دیا اور ہر طرح کے خطرات مول لے کر تلاشِ کتب کے لئے ایران کا رخ کیا۔ ان کے پنشن ریکارڈ سے معلوم ہوتا ہے کہ یکم اکتوبر ۱۸۸۴ء کو اورینٹل کالج میں اسسٹنٹ پروفیسر کی حیثیت سے ان کا تقرر ہوا (۲۳)۔ معاصر اخبارات سے پتہ چلتا ہے کہ آزاد لاہور سے ۲۳ ستمبر ۱۸۸۵ء کو روانہ ہوئے، چنانچہ ''اردو انڈین کرانیکل'' (پٹنہ) نے ۲۸ ستمبر ۱۸۸۵ء کے شمارے میں اخبار ''کوہ نور'' (لاہور) بابت ۲۲ ستمبر ۱۸۸۵ء سے درج ذیل خبر شائع کی:

''اس ہفتے مولوی محمد حسین آزاد بہ حصول رخصت بہ نیت زیارت عتبات عالیات و سیاحت فارس و

Marfat.com

عربستان روانہ ہونے والے ہیں۔ غالباً آج شام کو روانہ ہوں۔ ہم کو معلوم ہوا ہے کہ اس سفر میں نو تصنیف کتب علوم وفنون کی بہم پہنچائیں گے اور قدیم کتب (کذا) بھی تلاش فرما کر ہمراہ لائیں گے۔ مولانا..... نے ایک معتد بہ حصہ رُپے کا یعنی کل اپنی عمر کا حاصل ایسے خیر محض کاموں کے لئے وقف فرمایا ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ بر وقت مراجعت لاہور میں ایک کتب خانہ آزاد کھولیں گے۔''(۲۴)

۱۲ اکتوبر ۱۸۸۵ء کو کراچی سے بحری جہاز پر سوار ہو کر آزاد عازم سفر ہوئے تو معاً خیال آیا کہ ''دوسرے درجے کا ٹکٹ نہ لو۔ اتنے روپے جمع کر کے کتابیں خریدی جائیں تو ایک خانہ الماری کا آباد ہوتا ہے، اسی لیے تکلیف آرام معلوم ہوئی۔''(۲۵) منظور کردہ رخصت تو ۳۰ جون ۱۸۸۶ء یعنی آٹھ ماہ بارہ دن کے بعد ختم ہوگئی تھی، لیکن آزاد کا سفر ایران جولائی ۱۸۸۶ء کو ختم ہوا۔ لاہور واپسی سے چند روز بعد ۲۴ جولائی سے اپنی روداد سفر سنانا شروع کی۔ (۲۶) ڈھائی ماہ کی تعطیلات کے بعد انہوں نے سیاحت ایران پر اپنے لیکچروں کا سلسلہ جاری رکھا۔ (۲۷)

روانگی سے قبل آزاد ایران کے علاوہ عربستان بھی جانے کا ارادہ رکھتے تھے، لیکن انھیں ایران ہی سے اتنی کثیر تعداد میں کتابیں حاصل ہوگئیں کہ یہ سوچ کر کہ اتنے بوجھ کو اٹھائے وہ کہاں کہاں پھرتے رہیں گے، واپس چل پڑے۔ اس وزن کا اندازہ یوں لگایا جا سکتا ہے کہ جب وہ ہرات پہنچے تو ہر کوئی ان سے پوچھتا تھا کہ ''کتابیں کیوں لائے ہو؟ اتنی کتابیں کیوں لائے ہو؟ انھیں کیا کرو گے؟ یہ کیا کیا کتابیں ہیں؟ کس کس علم کی کتابیں ہیں؟''(۲۸) اور ''کوئٹہ پہنچ کر شکر خدا بجالایا۔ دوسرے دن ایک چھکڑا کرایہ پر کیا۔ اس میں کتابیں لاد دیں۔ آپ بچھونے بچھا کر اوپر بیٹھا۔''(۲۹)

آزاد ایران کے تقریباً سبھی بڑے شہروں (مثلاً شیراز، کاشان، مشہد وغیرہ) سے خطی نسخے اور مطبوعہ کتابیں اکٹھی کرتے رہے۔ اصفہان میں ان کی ملاقات شہزادہ معتمد الدولہ نواب فرہاد مرزا جیسی جانی پہچانی شخصیت اور معروف مصنف سے ہوئی، جس نے انھیں متعدد نادر کتب تحفتاً پیش کرتے ہوئے یہ بھی تاکید کی کہ انھیں ''کتب خانۂ آزاد میں یادگار رکھنا۔''(۳۰) لیکن تلاش کتب کے حوالے سے انھیں سب سے زیادہ کامیابی تہران میں ہوئی، کیونکہ ایک تو یہ شہر کتابوں کا مرکز تھا اور دوسرے یہاں دیگر شہروں کی نسبت کتابیں قدرے ارزاں مل جاتی تھیں۔ انھوں نے واپس پہنچتے ہی سفر کے تجربات و مشاہدات کو اپنے منفرد اور دلکش

Marfat.com

اسلوب میں قلم بند کر دیا، لیکن اس سے قبل سفری تکالیف اور وقت کی کمی کے باوجود وہ اپنے احباب کو اپنی مصروفیات کے بارے میں بذریعہ مراسلات آگاہ کرتے رہتے تھے۔ اس سلسلے میں انہوں نے ایک مفصل خط مدیر ''اخبار عام'' (لاہور) کو تحریر کیا[۳۱] اور دو خطوط اپنے شاگرد اور اپنے بیٹے محمد ابراہیم کے ہم جماعت مولوی محرم علی چشتی (۲۳ جون ۱۸۶۳ء - ۸ دسمبر ۱۹۳۴ء) کو تحریر کیے، جو انھوں نے اپنے اخبار ''رفیق ہند'' کی دو اشاعتوں (بابت ۲۸ نومبر ۱۸۸۵ء اور ۲۷ مارچ ۱۸۸۶ء) میں شائع کر دیئے۔ پہلے خط کا متعلقہ اقتباس ملاحظہ فرمایئے:

''تمھیں معلوم ہے، میرا اصلی کام تلاش کتب ہے کہ کتب خانۂ آزاد آباد ہو جائے۔ اس کا حال یہ ہے کہ نایاب اور عمدہ کتابیں مگر قیمت زیادہ ہے اور گھر گھر میں پھر کر تلاش کرنی پڑتی ہیں۔ البتہ چھپی ہوئی کتابیں عام ہیں۔ وہ یہاں سے لینی مناسب نہیں۔ تہران سے جا کر لوں گا، کیونکہ یہاں بھی وہاں سے آتی ہیں۔''

اور دوسرے خط میں لکھتے ہیں کہ

''.....تلاش کتب میں مارا مارا پھرتا ہوں۔''(۳۲)

جیسا کہ سطور بالا میں ذکر ہو چکا ہے کہ آزاد کے باپ دادا کا جمع کردہ ذخیرۂ کتب ۱۸۵۷ء کی تباہ کاریوں میں ضائع ہو گیا۔ اس کے بعد انھوں نے پھر سے ذاتی کتاب خانے کی تگ و دو شروع کر دی اور روز بروز اس میں اضافے ہوتے رہے، لیکن ابھی ان کے خیال میں اس کی ویسی صورت نہیں بن پائی تھی، جس سے خاص و عام مستفید ہو سکتے۔ سیکڑوں مخطوطات و مطبوعات سمیت ایران سے مراجعت کے بعد انھیں اپنے دیرینہ خواب کی تعبیر واضح طور پر دکھائی دینے لگی اور انھوں نے واپس آتے ہی جو کام سب سے پہلے کیا، وہ اس کتب خانہ کا قیام تھا۔ اکبری دروازے سے باہر شاہ محمد غوث کے مزار کے قریب جگہ منتخب کی اور حاکم شہر کی اجازت لے کر اس کی تعمیر کا آغاز کر دیا اور اس پر اٹھنے والے اخراجات خود ہی برداشت کیے۔ اس کا محل وقوع شہر کے قریب تھا، اس لیے لوگوں نے اسے بہت سراہا، چنانچہ ایک معاصر اخبار اس پر یوں تبصرہ کرتا ہے:

''رپورٹ عام کتب خانہ پنجاب (یعنی پنجاب پبلک لائبریری) انارکلی میں خاص مکان چوبرجی میں جو کتب خانہ کھلا ہے، اس کا کل تذکرہ اس میں ہے۔ حضور سر چارلس ایچیسن لفٹنٹ گورنر بہادر پنجاب کی ہی عنایت اور ہمدردی سے ہر خاص و عام کے لئے یہ کتب خانہ قائم ہوا ہے۔ کئی ہزار اس میں

138004

Marfat.com

کتابیں ہیں اور ہر ایک کو مفت جا کر پڑھنے کی اجازت ہے۔ پندرہ ہزار یک مشت اور تین سو ماہوار پنجاب گورنمنٹ دیتی ہے۔ اس رپورٹ میں اہالیان پنجاب کی خدمت میں درخواست ہے کہ وہ زر اور کتابوں کے ذریعے سے اس کتب خانے کو رونق دیں۔ اگر یہ کتب خانہ شہر کے کہیں نزدیک ہوتا تو اہل لاہور کو بڑا فائدہ پہنچتا۔ پروفیسر آزاد صاحب کا کتب خانہ اس کمی کو دور کر دے گا۔''(۳۳)

آزاد غالباً وسط جولائی ۱۸۸۶ء کو سیاحت ایران سے واپس لاہور پہنچے۔ متذکرہ بالا اقتباس (بابت ۲۵ اگست ۱۸۸۶ء) سے اس بات کا بخوبی اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ وہ کتنی تیزی کے ساتھ اس کتاب خانہ کی تعمیر میں مصروف تھے اور تقریباً ایک ماہ کی قلیل مدت میں انھوں نے اس کا ڈھانچا کھڑا کر دیا تھا (بہ اشتراک سرگنگا رام، م-۱۹۲۷ء)۔ اس عمارت کے بنوانے میں کسی نے ان کے ساتھ مالی تعاون نہیں کیا اور سرکار نے بھی اس سلسلے میں ان کا ہاتھ نہ بٹایا۔ ان کی عمر بھر کی کمائی کا بیشتر حصہ تو ایران کے سفر اور وہاں سے خرید کردہ کتابوں پر صرف ہو چکا تھا۔ بچت کے مختلف حربوں سے جو رقم پاس تھی وہ اب اینٹ گارے پر خرچ ہو رہی تھی۔ فی الواقع ان کی ہمت اور جذبہ لائق تحسین ہے کہ انتہائی محدود وسائل کے باوجود جیسے تیسے کتب خانہ کی تعمیر رکنے نہیں دی۔ جولائی ۱۸۸۷ء تک یعنی ایک سال گزرنے کے بعد یہ کتب خانہ زیر تعمیر تھا۔ انھی دنوں ایک اخبار کے مدیر (مہدی حسن) ادھر جا نکلتے ہیں اور آزاد سے اپنی ملاقات کو یوں بیان کرتے ہیں:

''اس ہفتے ہمارا گذر اس سڑک پر ہوا جس کے کنارے باغ میں کتب خانۂ آزاد بن رہا ہے۔ پروفیسر آزاد کو سامنے دیکھا۔ اہتمام تعمیر میں عرق ریزی کے ساتھ مصروف ہیں۔ ہم ان کے پاس گئے اور شکریہ ان کی توجہات کا ادا کیا جو رفاہ عام میں وہ کرتے رہتے ہیں۔ فرمانے لگے ''فقیر'' کا تکیہ ہوتا ہے۔ اس میں ایک کنواں ہوتا ہے۔ پانی کا مٹکا بھرا ہوتا ہے۔ ٹھیکرے میں اپلا سلگتا رہتا ہے۔ کوئی مسافر آ نکلتا ہے۔ حقہ بھر کر پیتا ہے۔ پانی سے ٹھنڈا ہوتا ہے۔ فقیر آزاد کا تکیہ علم کا تکیہ ہے۔ کچھ کتابیں ہوں گی۔ قلم دوات اور کاغذ رکھا ہوگا۔ درختوں کا سایہ بھی ہے۔ چمن ہرے ہیں۔ نالیوں میں پانی جاری ہے۔ راہ علم کے مسافر آئیں، کتاب سے دل بہلائیں، اخباروں سے شگفتہ ہوں۔ فقیر آزاد دعا کے سوا اور کسی چیز کا طالب نہیں۔''(۳۴)

انھی دنوں آزاد کے ایک مداح پنڈت برجموہن دتاتریہ کیفی دہلوی (۱۸۶۶ء-۱۹۵۵ء) لاہور آئے اور آزاد کی صحبتوں سے فیض یاب ہونے لگے۔ آزاد کی وفات پر انھوں نے جو تعزیتی مضمون لکھا، اس

Marfat.com

سے پتا چلتا ہے کہ ۱۸۸۷ء میں اس کتاب خانہ کا ایک کمرہ مکمل ہو چکا تھا اور آزاد اس میں الماریوں کی ترتیب اور ان میں سلیقے سے کتابیں رکھنے میں مشغول تھے۔ متعلقہ اقتباس درج ذیل ہے:

''۱۸۸۷ء کے قریب کا ذکر ہے کہ کتب خانۂ آزاد کی عمارت تعمیر کرا رہے تھے۔ ایک کمرہ بن چکا تھا اور فرطِ اشتیاق سے ان میں چند الماریوں کی ترتیب اور خانہ پُری میں مصروف تھے۔''(۳۵)

کتب خانۂ آزاد کی تاریخِ تکمیل کا تعین تو ممکن نہیں، البتہ بعض معاصر اخبارات کی فراہم کردہ معلومات کے پیشِ نظر یہ کہا جا سکتا ہے کہ اگست ۱۸۸۷ء کے اواخر میں یہ عمارت تکمیل کے آخری مراحل میں تھی اور عوام الناس سے اپیل کی جا رہی تھی کہ وہ آزاد کی اس نجی کاوش کو کامیاب و کامران بنانے میں بھرپور تعاون کریں۔ اس حوالے سے مرقومۃ الذیل عبارت ملاحظہ کیجیے:

''اس سلسلہ کی سودمندی نے کئی دفعہ ہماری قلم کو تحریک دی ہے۔ اس ہفتہ میں جو مضمون کہ ''کوہ نور'' کے ساتھ اتفاق کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ حقیقت میں پروفیسر آزاد نے جو کچھ کیا ہے، ترویج علم اور پبلک کے فائدے کے لئے کیا ہے بلکہ مستعد ہمتوں کے لئے ایک نمونہ رہا ہے۔ اچھا کھانا، اچھا پہننا، آرام کے سامانوں کے ساتھ رہنا، اپنی عیال کو اچھی حالتوں کے ساتھ رکھنا اور دیکھ کر خوش ہونا کسے برا معلوم ہوتا ہے۔ انھوں نے سب لذتوں کو ترک کیا اور سب طرف سے روک کر مصارف کا رخ اِدھر پھیرا اور کسی سے مدد نہیں چاہی۔ بیشک یہ کام ایک آدمی کا نہیں، پبلک کا کام ہے یا گورنمنٹ کا جبکہ انھوں نے کسی سے مدد نہیں چاہی۔ تو چاہیے کہ سبھی ان کی مدد کو کھڑے ہو جائیں۔ ہمیں امید ہے کہ وہ روپے کی مدد کو قبول نہیں کریں گے مگر ہمیں چاہیے کہ ان کے روپے کو ایسا موقع دیں کہ ان کتابوں کے سوا خرچ نہ ہو جو بے قیمت کے نہیں ہاتھ آتیں۔ اس کی صورت یہی ہے کہ ہر ایک مصنف یا مالک مطبع ایک ایک نسخہ کتب خانۂ آزاد کو دے۔ جہاں سینکڑوں کتابوں کے ڈھیر چھپ کر تیار ہوتے ہیں، ان میں اگر ایک نسخہ ایسی جگہ گیا تو کسی کو بھی گراں نہ معلوم ہوگا۔ اسی طرح ہر مطبع میں ہر ہفتہ کتنے ہی اخبار ردّی ہو جاتے ہیں۔ اگر ایک اخبار وہاں بھیج دیا کریں تو کچھ خرچ زیادہ نہ بڑھ جائے گا۔ ان کی عام ہمدردی نے ہمارے دل میں دردمندی پیدا کی، اسی لیے خواہ مخواہ لکھنا پڑتا ہے۔ یقین ہے کہ اور دل بھی اثر سے خالی نہ رہیں گے۔''(۳۶)

اس کتب خانہ کے قیام کے محرکات میں اپنے آباء کی ایک مستحسن روایت کا احیاء اور اس کے توسط

Marfat.com

سے افادۂ خاص و عام جیسے عناصر کارفرما تھے۔ ہندوستان اور ایران کے شہر شہر نگر نگر سے نادر الوجود قلمی و مطبوعہ کتب کی جمع آوری میں آزاد جن کٹھنائیوں سے گزرے، وہ ان کی اپنے مقصد حیات سے گہری وابستگی کا مظہر ہے، لیکن جس شبانہ روز محنت اور انتہا کی ذمہ دارانہ نگہداشت سے انھوں نے کتب خانہ کی عمارت کو تعمیر کرایا، وہ بھی اپنی مثال آپ ہے۔ بقول ان کے ''گیارہ مہینے اینٹ مٹی کے ڈھیر میں دبا تھا۔ خدا خدا کر کے نکلا ہوں۔''(۳۷) اس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ جولائی ۱۸۸۶ء کو جس عمارت کی نیو رکھی گئی، وہ ۱۸۸۷ء کے وسط تک تقریباً مکمل ہو چکی تھی اور فی الفور کتابوں کی منتقلی اور الماریوں میں انہیں ترتیب سے رکھوا کر اسے پبلک کے لیے کھول دیا گیا۔ ایک معاصر اخبار کا مدیر رقم طراز ہے:

''کتب خانۂ آزاد۔ عمارت تیار ہو گئی۔ کتابیں رکھی جاتی ہیں۔ ہم نے دیکھا برآمدے میں چند الماریاں کھلی ہیں۔ پروفیسر آزاد ایک دفتری کے ساتھ بوریئے پر بیٹھے اپنے ہاتھ سے کتابوں پر چپیاں لگا رہے ہیں۔ ان کا لباس بھی بانات نہیں۔ روئی دار کپڑے ہیں اور عینک میں لوہے کی کمانی ہے۔ اس رتبہ کے آدمی کو ایسی حالت کے ساتھ قوم کی خدمت میں مصروف ہونا کیسا زیب دیتا تھا۔ جس دن سے کتابیں یہاں لانی شروع کی ہیں، گھر کے آراموں کو استعفیٰ دیا۔ رات کو بھی وہیں سوتے ہیں۔ اس میں کچھ شک نہیں ہے کہ ایسے ہی آدمیوں سے ایسے کام بن آتے ہیں۔ ہم نے بعض کتابیں دیکھیں اور ان کے باب میں تقریر سنی۔ ہفتہ آئندہ ناظرین کو بھی سنائیں گے۔''(۳۸)

کتب خانہ کیا بنا، آزاد کے جسم و روح کے لئے گوشۂ سکون و اطمینان بن گیا۔ کہا تو یہی جاتا ہے کہ جہاں کوئی بیوی بچوں سمیت مقیم ہو، وہی اس کا اصلی گھر ہوتا ہے، لیکن آزاد کا حقیقی گھر یہی کتب خانہ تھا، جس کی ایک ایک اینٹ انہوں نے اپنی نگرانی میں چنوائی تھی اور عمر بھر کی جمع پونجی اپنے بزرگوں کی روایت کو پھر سے زندہ کرنے میں صرف کر دی تھی۔ دیکھا جائے تو یہ نئی عمارت ان کا روحانی گھر ہی نہیں بلکہ ان کے خوابوں کی تعبیر تھا۔ اپنے ایک دوست کو لکھتے ہیں کہ:

''رات کو بھی کتب خانہ ہی میں رہتا ہوں۔ بھلا کتابیں تو میری یہاں، گھر میں نیند کیوں کر آئے۔ رات کے تین بجے ہیں۔ بس یہی ہمارا وقت ہے۔ اللہ ہی اللہ ہے۔''(۳۹)

بلاشبہ یہ کتب خانہ اکیلے آزاد کی سعی پیہم کا نتیجہ تھا اور یہ کس قدر حیران کن بات ہے کہ کتابوں کی جمع آوری اور ان کے لئے الگ عمارت کھڑی کرنے کے تمام اخراجات خود برداشت کئے اور کسی کے سامنے دست

Marfat.com

سوال دراز نہیں کیا، حالانکہ ان کے ذرائع آمدنی محدود تھے۔ اس کے باوجود چند ایسے عوامل کی نشاندہی کی جا سکتی ہے، جو اس کتب خانے کے قیام میں ممد و معاون ثابت ہوئے، مثلاً:

۱۔ ۱۸۵۷ء کی داروگیر میں آزاد کا آبائی گھر تباہ ہوا اور انھیں بھی افراد خانہ سمیت دہلی کو خیر باد کہنا پڑا۔ قتل و غارت اور لوٹ مار کی جو آندھی چلی، اس میں ان کا دو پشت پرانا کتب خانہ بھی نیست و نابود ہو گیا۔ وہ ''آب حیات'' میں لکھتے ہیں کہ ''بھرا ہوا گھر سامنے تھا اور میں حیران تھا کہ کیا کیا کچھ اٹھا کر لے چلوں کہ دفعتہً استاد (ذوق) کی غزلوں کے جُنگ پر نظر پڑی..... وہی جُنگ اٹھا بغل میں مارا۔ سجے سجائے گھر کو چھوڑ..... گھر سے بلکہ شہر سے نکلا۔'' اس در بدری میں استاد کے کلام کو بغل میں دبائے یا سر پر اٹھائے رکھنا معمولی بات نہیں، لیکن آزاد کلیکشن (مخزونہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری) کے چند مخطوطات سے یہ حقیقت منکشف ہوتی ہے کہ اس افراتفری کے عالم میں بھی انھوں نے اپنے خاندانی ورثہ بالخصوص والد سے متعلق کچھ اہم تحریروں کو محفوظ کر لیا تھا۔ اس ضمن میں فارسی رسالہ بعنوان ''ردّ المکاتیب'' (فارسی) کے قلمی نسخہ کی مثال پیش کی جا سکتی ہے، جس کے صفحہ اول پر تحریر کردہ قلمی عبارت اس حقیقت کی پردہ کشائی کرتی ہے۔ (۴۰) مزید یہ کہ اس کلیکشن میں متعدد ایسی مطبوعات محفوظ ہیں، جو ان کے والد کے زیر اہتمام دہلی اردو اخبار پریس یا دہلی کالج کے مطبع العلوم (قبل از ۱۸۵۷ء) کی شائع کردہ ہیں، لیکن ان کے بارے میں یہ جواز پیش کیا جا سکتا ہے کہ آزاد نے یہ کتابیں بعد میں مختلف ذرائع سے حاصل کر لی ہوں گی۔

۲۔ آزاد نے ہندوستان کے جن بڑے شہروں (مثلاً کلکتہ، بمبئی وغیرہ) کا سفر کیا، وہاں سے جو اچھی کتاب ہاتھ لگی، خرید لی۔ لاہور جیسے علمی و ادبی مرکز میں تو ان کا مستقل قیام تھا، اس لیے یہاں کتابوں کا حصول قدرے آسان تھا۔ علاوہ ازیں انھوں نے جو بیرون ملک سفر کیے، وہاں خاصی تعداد میں عربی و فارسی خطی نسخے اور کتب دستیاب ہوئیں۔ حسب روایت جب وہ وسط ایشیا کے سفر سے واپس آئے (۱۸۶۶ء) تو کتابوں سے لدے پھندے تھے لیکن انھیں قیام ایران کے دوران میں جو کچھ حاصل ہوا، اس نے انھیں خاصا مطمئن کر دیا کہ اب انھیں کتب خانہ کے قیام میں کوئی دشواری نہیں ہو گی۔ یہی وجہ ہے کہ ایران سے چھکڑوں پر لاد کر کچھ کتابیں لاتے ہی انھوں نے فی الفور کتب خانہ کی تعمیر کا کام شروع کر دیا۔

Marfat.com

۳۔ اس کتب خانے کو نادر و نایاب کتب کی فراہمی میں تلامذۂ آزاد نے بھی اہم کردار ادا کیا۔ جب بھی تعطیلات ہوتیں، وہ اپنے شاگردوں کو ضرور تاکید کرتے کہ اگر انھیں کہیں کتابوں کا سراغ ملے، وہ خرید لیں یا انہیں اطلاع دیں تاکہ وہ خود وہاں پہنچ جائیں۔ اپنے ایک ایسے ہی شاگرد کو وہ لکھتے ہیں:

''کوئی کتاب ہاتھ آیا کرے تو کتب خانۂ آزاد کا خیال رکھا کیجیے۔''(۴۱)

یہی شاگرد جب ان کے لیے ایسے تفویض کردہ فرض کو پورا کرتا ہے تو وہ اس کا ان الفاظ میں شکریہ ادا کرتے ہیں:

''کتب خانۂ آزاد ہمیشہ آپ کا شکر گزار رہے گا۔ ایسے بھاری پتھر کے نیچے سے اس خزانے کا نکالنا آپ ہی کا کام تھا۔''(۴۲)

۴۔ آزاد کلیکشن میں بیشتر ایسی کتابیں محفوظ ہیں، جو انھیں بطور عطیہ پیش کی جاتی تھیں۔ کہیں کہیں معطی نے اپنے دستخط یا مہر کے ساتھ مختصر نوٹ بھی رقم کر دیا ہے۔ سفرِ ایران میں بھی انھیں ایسے علمی عطیات دیے جاتے رہے، مثلاً صنیع الدولہ کی ''مطلع الشمس'' کی جلد دوم (تہران، ۱۳۰۲ھ)۔ ایسی چند کتابوں کی عکسی نقول اس ''فہرست'' کے آخر میں شامل ہیں۔

۵۔ آزاد اپنے دور کے معروف ادیبوں میں شمار کیے جاتے تھے، اس لئے مصنفین و مؤلفین انھیں اپنی کتابیں بھجواتے اور ان کے نفس مضمون سے متعلق رائے طلب کرتے۔ اربابِ علم و دانش کی بیشتر قلمی نگارشات ان کے دستخطوں سمیت کتب خانۂ آزاد کی زینت بنیں۔

۶۔ گاہے بگاہے آزاد کے بعض کرم فرما اور دوست بھی ان کی اس علمی خدمت میں ہاتھ بٹاتے تھے اور انھیں مختلف موضوعات پر کتابیں بھجواتے رہتے تھے۔ اس فہرست احباب میں جگراؤں کے مولوی رجب علی کا نام نمایاں ہے، جن کی مواہیر بھی ایسی ارسال کردہ کتابوں پر ثبت ہیں۔

۷۔ برصغیر میں ان دنوں جن مطابع کے مالکان یا کارپرداز شیعی مسلک کے پیروکار تھے، وہ اپنی فقہ ہی سے متعلق کتابیں شائع کرتے تھے اور وہ بالالتزام آزاد کو بھجوائی جاتی تھیں۔ ان میں بعض کتابوں پر ایسا وضاحتی نوٹ بھی دیا جاتا تھا کہ یہ کتاب صرف شیعہ قارئین کے لیے چھاپی گئی ہے اور جو شخص اس مسلک سے تعلق نہیں رکھتا، وہ اسے پڑھنے سے گریز کرے۔ ایسے مطابع میں زیادہ تر مجمع البحرین (لدھیانہ)، مطبع اثنا عشری (لکھنؤ) اور مطبع حسینی (لکھنؤ) کی طبع کردہ کتابیں تواتر سے آزاد کو پہنچتی

Marfat.com

تھیں۔

۸۔ اس دور کی تقریباً سبھی علمی، ادبی اور تعلیمی سرگرمیوں میں آزاد بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے، اس لیے سرکاری مطابع بالخصوص مطبع انجمن پنجاب اور مطبع سرکاری کی جانب سے شائع کردہ کتابیں اور رپورٹیں باقاعدگی سے کتب خانۂ آزاد کے لئے بھجوائی جاتی تھیں اور انھیں سلیقے سے وہاں میں رکھا جاتا تھا۔

۹۔ اگر کوئی ثقہ قاری کسی مخطوطہ یا اہم کتاب سے استفادہ کرنا چاہتا تو اسے آزاد کی پیشگی اجازت کے کٹھن مرحلہ سے گزرنا پڑتا تھا، لیکن عام قارئین کے لیے اخبارات کا الگ گوشہ مختص کر دیا گیا تھا۔ زیادہ تر اخبارات ان کے مالکان اور ناشرین ہی بھجوایا کرتے تھے، جیسا کہ درج بالا اقتباسات سے ظاہر ہوتا ہے۔

۱۰۔ آزاد کے کتب خانہ سے چار سال قبل لاہور میں پنجاب پبلک لائبریری قائم کی گئی تھی۔ اس لائبریری کی کمیٹی کے ایک سالانہ اجلاس (منعقدہ ۱۲ مئی ۱۸۸۸ء) میں یہ تجویز پیش کی گئی کہ جن کتابوں کی لائبریری کو ضرورت نہ ہو، وہ آزاد کی قائم کردہ ''پنجاب ورنیکولر لائبریری'' کو بھجوا دی جائیں، اس رپورٹ کی متعلقہ شق درج ذیل ہے:

"……the Committee considered that a number of surplus books in the Library, which were not needed, might be utilised by being presented to the Punjab Vernacular Library recently established by Maulvi Muhammad Hussain Azad, near the Delhi Gate of the Lahore City. Such efforts on the part of private native gentlemen to throw open to their fellow-countrymen their own collections of books, many of them extremely valuable, and thus to aid in the intellectual advancement of the people, appeared to the Committee to be deserving of all

Marfat.com

encouragement and to be more particularly entitled to the sympathetic and cordial support of an Institution like the Punjab Public Library."

اس تجویز پر قائم مقام سیکرٹری F. Maitland نے یوں صاد کیا:

"I beg to say that I concur entirely in the Report with regard to the establishment of a Vernacular Reading Room and Library in the city by Maulvi Muhammad Hussain Azad; and am very glad that the Committee has been able to help him in his laudable enterprise."

اسی کمیٹی کے ایک اور اجلاس (منعقدہ ۲ فروری ۱۸۸۹ء) سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ شمس العلماء محمد حسین آزاد نے اراکین سے بذریعہ خط درخواست کی کہ پنجاب پبلک لائبریری میں جو کتابیں فالتو قرار دی جائیں، وہ ان کے کتب خانہ کو بھجوا دی جائیں۔ اس درخواست کو منظور کر لیا گیا، لیکن اسے سیکرٹری کی منظوری سے مشروط کر دیا گیا۔ اسی اجلاس میں یہ بھی فیصلہ ہوا کہ جو کتب پندرھویں پرنٹنگ ایکٹ (بابت ۱۸۶۷ء) کے ذیل میں آتی ہیں، انھیں بھجوانے کے لئے سیکرٹری ڈائریکٹر پبلک انسٹرکشن سے رابطہ کریں۔ (۴۳)

تقریباً دو ڈھائی برس یہ کتب خانہ چلا اور ہر سطح کے قارئین کی ضرورتوں کو پورا کرتا رہا۔ اس کے بانی مبانی آزاد خود ہی اس کے کتابدار تھے۔ وہی اس کے انتظام و انصرام کے ذمہ دار تھے۔ اس عرصے میں کتابوں میں اضافے ہوتے رہے۔ اس قدر سخت نگہداشت اور احتیاطی تدابیر کے باوجود کتابیں چرانے والے اپنے ہاتھ دکھا جاتے تھے۔ بالآخر ایسے کتاب چوروں سے تنگ آ کر انھیں ان الفاظ میں کوتوال شہر سے رجوع کرنا پڑا:

''بعد از سلام نیاز آں کہ چند کتابیں کتب خانۂ آزاد میں بہ اوقات مختلفہ چوری ہو گئی ہیں۔ اس امید پر کہ شاید کبھی نظر آ جائیں اور سرکار میں گرفتار ہو سکیں، فہرست ارسال خدمت کرتا ہوں کہ دفتر سرکاری میں امانت رہیں۔ فقط۔ لیلاوتی (فارسی)، شاہجہاں نامہ، دیوان شوکت، اطباق الذہب، مجموعہ رسائل فقہ، تاریخ بہاولپور، آثار الصنادید، کتاب علم کیمیا، شرح اصول کافی۔'' (۴۴)

Marfat.com

ماضی کی تلخ یادوں، تکلیف دہ بیماریوں، چہیتی اولاد کی دائمی رخصتوں، دور افتادہ اسفار کی صعوبتوں، کتب خانہ کی تعمیر میں شب و روز کی مصروفیتوں اور پھر عمر بھر کی جمع کردہ کتب کے حفاظتی رویوں نے آزاد کے ذہنی توازن کو بگاڑ دیا اور ان کی روزمرہ زندگی میں وارفتگی کے آثار نمایاں ہونے لگے۔ ذہنی طور پر اس غیر یقینی صورت حال میں انھیں یہ احساس ہو گیا کہ اب کتب خانے کی نگہداشت اور دیگر امور کی دیکھ بھال ان کے بس میں نہیں۔ یہی سوچ کر انھوں نے پنجاب پبلک لائبریری سے رابطہ کیا اور انھیں اپنا پورا کتب خانہ بطور عطیہ دینے کی پیشکش کی۔ لائبریری کمیٹی کے سیکرٹری نے فوراً فرزند آزاد، آغا محمد ابراہیم سے رابطہ کرنے کا حکم دیا تا کہ ان سے بھی والد کی خواہش کی تصدیق کرائی جائے۔ ساتھ ہی یہ بھی کہا کہ جب کتب خانۂ آزاد کے پنجاب پبلک لائبریری میں ادغام کا حتمی فیصلہ نہ ہو جائے، فالتو کتابوں کی ترسیل کا کام روک دیا جائے۔ (۴۵)

آزاد نے جس جگہ کتب خانہ بنوایا، وہاں ٹوٹے پھوٹے کچھ بے آباد گھر تھے۔ آزاد نے انھیں گرا کر وہاں نئی عمارت کھڑی کر دی اور اس میں ترتیب سے الماریوں میں کتابیں سجا دی تھیں۔ ان کاموں پر جو اخراجات ہوئے، وہ انھوں نے اپنے پلے سے ادا کیے، لیکن زمین کا قبضہ میونسپل کمیٹی ہی کے پاس رہا۔ جونہی آزاد کی ذہنی حالت دگرگوں ہوئی اور بامر مجبوری کتب خانہ بند کرنا پڑا، تو میونسپل کمیٹی نے اپنا حق ملکیت جتا دیا اور ان کے بیٹے سے ماہانہ کرایہ (دس روپے) کا مطالبہ کر دیا۔ کچھ دیر دونوں فریقوں میں مراسلت چلتی رہی، بالآخر محمد ابراہیم کو ہتھیار ڈالنے پڑے اور آزاد کی تعمیر کردہ عمارت پر کمیٹی قابض ہو گئی۔ اس سے قبل محمد ابراہیم نے پنجاب پبلک لائبریری کے اراکین کمیٹی کو خط لکھا (بابت ۹ جنوری ۱۸۹۱ء) کہ وہ آزاد کی پیش کش پر جلد فیصلہ کر لیں تا کہ کتب خانہ انھیں منتقل کر دیا جائے۔ یہ کمیٹی زیادہ تر سرکاری افسران پر مشتمل تھی اور وہ جانتے تھے کہ عمارت پر میونسپل کمیٹی کا قبضہ ہو چکا ہے، اس لئے انھوں نے مکمل طور پر کتب خانۂ آزاد لینے سے معذرت کر لی اور ساتھ ہی یہ بھی فیصلہ کر دیا کہ اگر دو ماہ میں کتب خانہ دوبارہ نہیں کھولا گیا تو گذشتہ دو ڈھائی سالوں میں جو فالتو کتابیں آزاد کو بھجوائی گئی تھیں، صرف انھیں واپس لینے کے لئے تگ و دو کی جائے۔ (۴۶) اس فیصلے کے دو ماہ بعد بھی کتب خانہ آزاد نہ کھلا تو یہ فیصلہ کیا گیا کہ ان کے بیٹے کو بذریعہ خط مطلوبہ کتب کی جلد واپسی کی تاکید کی جائے۔ (۴۷) محمد ابراہیم نے ان کتابوں کے بارے میں والد سے دریافت کیا تو انھوں نے ایسی کسی مرسلہ کتاب کی وصولی سے انکار کر دیا، چنانچہ محمد ابراہیم نے بذریعہ خط (بابت ۳ جون ۱۸۹۱ء) پنجاب پبلک لائبریری کے ارکان کمیٹی کو اپنے والد کی لاعلمی سے مطلع کیا، لیکن وہ اپنے مطالبے پر مُصر رہے بلکہ یہ فیصلہ بھی کر

Marfat.com

دیا کہ اگر کچھ دنوں تک یہ کتابیں واپس نہ بھجوائی گئیں، تو آزاد کی جائداد کو بحق سرکار ضبط کر لیا جائے۔ (۴۸) تقریباً ایک سال بعد پھر آزاد لائبریری کا مسئلہ زیر بحث آیا تو یہ طے پایا کہ محمد ابراہیم کو یاد دلایا جائے کہ چونکہ اب ان کے والد کی ذہنی حالت پہلے سے بہتر ہے، اس لیے وہ کتابوں کی جلد واپسی کا اہتمام کریں۔ اگر وہ ایسا نہ کر سکے تو جائداد کی ضبطی کا فیصلہ برقرار رہے گا۔ (۴۹) محمد ابراہیم کے ایک مکتوب (بابت ۲۶ اکتوبر ۱۸۹۲ء) کے جواب میں لائبریری کمیٹی کے سیکرٹری نے فرمان جاری کیا کہ مکتوب نگار کو ان کتابوں کی فہرست تیار کر کے بھجوائی جائے جو آزاد لائبریری کو ارسال کی گئیں اور ساتھ آزاد کی دستخط شدہ وصولی رسیدیں بھی لف کی جائیں۔ مزید یہ کہ اگر یہ کتابیں جلد واپس نہ کی گئیں تو محمد ابراہیم سے ان کی قیمت وصول کی جائے۔ (۵۰) محمد ابراہیم کو مزید پندرہ دن کی مہلت دی گئی کہ وہ اس دوران میں مرسلہ احکام پر عمل کریں۔ (۵۱) بالآخر آزاد کے خط کے ہمراہ ۶۷ کتابیں پنجاب پبلک لائبریری کو واپس مل گئیں اور اس کے عوض انھیں زندگی بھر کے لئے اعزازی رکنیت پیش کر دی گئی، (۵۲) لیکن ریکارڈ سے معلوم نہیں ہوتا کہ انھوں نے یہ پیشکش قبول کی یا نہیں۔

آزاد نے کتب خانہ کے لئے جو عمارت تعمیر کرائی تھی، اس پر میونسپل کمیٹی قابض ہو گئی، پنجاب پبلک لائبریری کی مسلسل یاد دہانیوں کے باعث وصول کردہ کتابیں واپس کر دی گئیں، جنونی کیفیات نے آزاد کو بے دست و پا کر دیا اور ان کے تمام تصنیفی منصوبے دھرے کے دھرے رہ گئے۔ ان کے اکلوتے بیٹے محمد ابراہیم چیف کورٹ میں اپنی ملازمت کی ذمہ داریوں میں جکڑے ہوئے تھے اور ان کے لئے ممکن نہیں تھا کہ وہ والد کے علاج معالجے کے ساتھ ساتھ کتب خانہ کو بھی سنبھال سکتے۔ بالآخر انھیں یہ کتاب خانہ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے بند کرنا پڑا۔ الماریاں اور کتابیں اٹھا کر اکبری دروازے کے اندر ایک بوسیدہ مکان میں رکھوا دیں (۱۸۹۶ء)۔ چند سال بعد اس کو گرا کر یہاں نیا مکان بنوا دیا، جس کا نام ''آزاد منزل'' (سنہ تعمیر ۱۹۰۱ء) رکھا گیا اور اس کے تین کمروں میں کتابیں رکھی گئیں۔ یوں کتب خانہ تو جیسے تیسے چلتا رہا، لیکن اب عامۃ الناس اس سے مستفید نہیں ہو سکتے تھے۔ آزاد یہیں بیٹھتے تھے۔ سوچ کے بے سمت دھارے جدھر چاہتے، ان کو بہا کر لے جاتے۔ انھوں نے اپنے دورِ جنوں میں بہت سے چھوٹے بڑے رسالے قلمبند کئے (رک: اشاریۂ مخطوطات عالم وارفتگی۔ مرتبہ آغا سلمان باقر۔ لاہور ۲۰۱۰ء) اور ایک رسالے (سمیکا ولیما) میں کتب خانے پر بھی اظہار خیال کیا ہے۔ (۵۳) اکثر قلم دوات ایک طرف رکھ کر باہر نکل جاتے، نواحی باغوں میں گھومتے پھرتے، سرِ راہ کسی شناسا سے مڈھ بھیڑ ہو جاتی، تو ذہنی حالت کے مطابق گفتگو کر لیتے (۵۴)، ورنہ سلام کا جواب دے کر بے تعلقی

Marfat.com

سے آگے بڑھ جاتے۔

آزاد اسی گھر میں رہائش پذیر رہے، لیکن اب ان کے لیے کتابوں کی دیکھ بھال ناممکن تھی۔ ان کے بیٹے محمد ابراہیم (منصف) تبدیل ہو کر لاہور سے امرتسر چلے گئے، اس لیے کتاب تو دور کی بات، صاحب کتاب کی گرتی ہوئی صحت اور دوادارو کی فکر دامن گیر ہوگئی۔ ان حالات میں جس کے ہاتھ جو کتاب لگتی، لے جاتا اور واپس نہ کرتا۔ چوری چکاری بھی ہوتی رہی۔ مناسب دیکھ بھال نہ ہونے کے سبب کتابیں دیمک اور جھینگروں کی خوراک بننے لگیں۔ آخر وہ گھڑی آن پہنچی، جب ''ملک اردو کے مرصع نگار حضرت مولانا آزاد اس جہان سے آزاد ہو گئے۔''(۵۴) بقول مولانا ظفر علی خاں ''۲۱ جنوری [۱۹۱۰ء] کی رات کے دو بجے اس دارِ فانی سے ۸۲ سال کی عمر میں انتقال کیا..... گو علمی اور دماغی اعتبار سے آپ کو انتقال کئے ہوئے ایک عرصہ دراز ہو چکا ہے لیکن پھر بھی وہ ترقی کی ایک زندہ مثال تھے، جس پر زبان اردو جس قدر ناز کرے، بجا ہے۔''(۵۶) آزاد کے انتقال کے واقعہ جانکاہ کے بعد کتب خانہ مقفل کر دیا گیا۔ آغا محمد ابراہیم کی عدیم الفرصتی کے باعث اس نادرالوجود ذخیرۂ کتب کی حالت روز بروز بگڑتی چلی گئی۔ مزید خرابی سے بچانے کے لیے لفٹنٹ گورنر پنجاب سر لوئی ڈین سے رجوع کیا گیا (۱۹۱۲ء) اور ان کے توسط سے کتب خانۂ آزاد پنجاب یونیورسٹی لائبریری کو بلا معاوضہ پیش کرنے کا عندیہ دیا۔ یہ تجویز بلا تاخیر منظور ہوگئی اور جلد ہی قلمی اور مطبوعہ کتابوں کی فہرستیں تیار ہونے لگیں۔ اس کتب خانہ کی تکمیل ہوتے ہی (۱۸۸۸ء) آزاد نے خود بھی ایسی فہرست ترتیب دینا شروع کر دی تھی۔ ایک مکتوب میں لکھتے ہیں:

> ''فہرست بنا رہا ہوں۔ اس آسان کام کو آفت پسند طبیعت نے آپ مشکل کر لیا ہے۔ ہر کتاب کے سامنے نام مصنف اور خانہ کیفیت میں اس کا خلاصہ مطلب اور سال تصنیف وغیرہ بھی لکھتا ہوں، اس لئے بہت دیر لگتی ہے۔ خیر اللہ اسے بھی آسان کرے گا۔''(۵۷)

آزاد کی مرتبہ اس فہرست کا تو کہیں سراغ نہیں ملتا، البتہ طے شدہ پروگرام کے تحت کتب خانۂ آزاد کی پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں منتقلی سے قبل فہرست سازی کا کام شروع کر دیا گیا۔ خوش قسمتی سے یہ فہرست حوادث زمانہ سے محفوظ رہ گئی ہے۔(۵۸) کہا جاتا ہے کہ یہ فہرست آغا محمد ابراہیم نے تیار کی تھی، لیکن ان کے بڑے فرزند آغا محمد طاہر کا کہنا ہے کہ ایک بے نام عزیز کو یہ ذمہ داری سونپی گئی تھی۔ درج ذیل اقتباس ملاحظہ کیجئے:

Marfat.com

''اگر چہ میں ان دنوں بچہ ہی تھا [سنہ ولادت ۱۸۹۹ء] مگر مجھے خوب یاد ہے کہ قبلہ وکعبہ نے اپنی مجذوبیت پسند زندگی میں کبھی کسی متنفس کو اپنے کتب خانے کے پاس بھی نہیں پھٹکنے دیا، یہاں تک کہ ۱۹۱۰ء میں..... اردو زبان کے سب سے بڑے انشا پرداز نے اس دار فانی سے عالم بقا کی طرف مراجعت فرمائی۔ میاں باوا [آزاد] کے انتقال کے بعد ایک عرصہ تک تو ان کا مکان بند ہی پڑا رہا۔ والد مرحوم سرکاری مصروفیت کی وجہ سے آنکھ اٹھا کے بھی نہ دیکھ سکے۔ آخر بصد منت ایک عزیز کو اس بات پر آمادہ کیا کہ وہ تمام کتب خانہ کی فہرست تیار کر دیں۔

خدا ان صاحب کو ذرہ ذرہ اور بال بال اس کا اجر دے کہ بیس بائیس سال کی گرد آلودہ کتابوں کو خدا جانے کتنے خاک دھول پھانک کر ایک فہرست کی صورت میں مرتب کر دیا۔''(۵۹)

چھے خانوں (نمبر شمار، نام کتاب، نام مصنف، علم، زبان، کیفیت) میں منقسم یہ فہرست مرتب ہو چکی تو آغا محمد ابراہیم نے خود اس کی پڑتال کی اور جب انہیں کُلّی اطمینان ہو گیا تو قلمی و مطبوعہ کتب پر مشتمل کتب خانۂ آزاد بلا معاوضہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری کے حوالے کر دیا گیا۔ جیسا کہ اوپر ذکر ہو چکا ہے کہ کسی مقامی شخصیت کا یہ پہلا نجی کتب خانہ تھا، جو اس لائبریری کی زینت بنا۔ حیرت ہے، پنجاب یونیورسٹی کے ریکارڈ میں اس کتب خانہ کی منتقلی (۱۹۱۳ء) سے متعلق کوئی ریکارڈ محفوظ نہیں اور نہ کسی یونیورسٹی کیلنڈر میں اس کا ذکر کیا گیا ہے۔ مطبوعات کے علاوہ خطی نسخوں کی اتنی کثیر تعداد کا لائبریری میں منتقل ہونے کا بڑا فائدہ یہ ہوا کہ اس سے اگلے سال یعنی ۱۹۱۴ء سے قلمی کتابوں کی فراہمی اور خریداری کا سلسلہ چل پڑا۔(۶۰) چند برسوں بعد آزاد کلیکشن کے بیشتر عربی، فارسی اور اردو مخطوطات کی فہرست سازی کا بھی آغاز ہو گیا(۶۱) لیکن مطبوعہ فہارس میں زیادہ تر فارسی مخطوطات کے کوائف درج کیے گئے ہیں۔

آغا محمد ابراہیم کے قریبی دوست مولوی محمد خلیل الرحمٰن بتاتے ہیں کہ ''دہلی دروازے سے باغوں باغ ہو کر اکبری دروازے کو آیئے تو دہلی دروازے سے بہت قریب اور اکبری دروازے سے ذرا دور کتب خانہ آزاد واقع تھا۔ یہ عمارت ۱۹۲۷ء تک تو باقی تھی، غالباً اب بھی بہت سے آدمی آپ کو نشان دے دیں گے۔'' آغا محمد باقر نبیرۂ آزاد یہ اطلاع دیتے ہیں کہ ''میرے پاس وہ سنگ مرمر کا ٹکڑا جس پر کتب خانۂ آزاد لکھا ہوا ہے ابھی تک محفوظ ہے'' اور مجلسِ یادگارِ آزاد کی ایک تقریب میں حکومت سے یہ استدعا بھی کی گئی تھی کہ آزاد کا رہائشی مکان ''بطور یادگارِ آزاد'' محفوظ کر لیا جائے۔(۶۱الف) اخبارات نے اس قرارداد کی بھرپور حمایت کی،

Marfat.com

لیکن عملاً کچھ بھی نہ ہوا۔غنیمت ہے، آغا محمد ابراہیم نے نامساعد حالات کا احساس کرتے ہوئے کتب خانۂ آزاد کو اپنی نگرانی میں پنجاب یونیورسٹی منتقل کر دیا، ورنہ بیش بہا دیگر نجی ذخائرِ کتب کی طرح یہ کتب خانہ بھی حوادث زمانہ کی نذر ہو جاتا۔

کتب خانۂ آزاد کی پنجاب یونیورسٹی لائبریری منتقلی سے قبل اس کی قلمی وطبع شدہ کتابوں کی جو فہرست تیار کرائی گئی تھی، اس کے مطابق ان کی مجموعی تعداد ۱۸۱۴ ہے (۶۲) لیکن محمد باقر نبیرۂ آزاد (م۔ ۱۹۷۲ء) نے اپنے مضمون ''کتب خانۂ آزاد'' میں ان کی تعداد ۱۸۶۴ بتائی ہے۔تقریباً نصف صدی میں اس کلیکشن سے باون کتابیں کم ہو گئیں، لیکن انھوں نے یہ صراحت نہیں کی کہ جو کتابیں دستبرد زمانہ ہو گئیں، ان میں قلمی اور مطبوعہ کتابوں کی تعداد کتنی تھی۔مزید یہ کہ اس ذخیرے میں مجموعہ رسائل و کتب بھی خاصی تعداد میں موجود ہیں، جن میں کسی ایک مصنف یا موضوع کی متعدد کتب کو یکجا کر دیا گیا ہے۔ممکن ہے، ان مجموعوں کو ایک ہی کتاب شمار کیا گیا ہو۔

ڈاکٹر مولوی محمد شفیع قصوری (۱۸۸۳ء-۱۹۶۳ء) نے اپنے زمانہ طالب علمی میں آزاد کو عالمِ جنوں میں دیکھا تھا اور ان سے مختصر سی بات چیت بھی ہوئی تھی۔ڈاکٹر موصوف نے آزاد کی غیر مطبوعہ دستاویزات اور مسودوں پر انتہائی معلومات افزا مقالات قلمبند کیے اور انھی کی تحریک پر آغا محمد باقر نے اپنے دادا یعنی آزاد پر اہم مضامین ''اورینٹل کالج میگزین'' میں شائع کرائے اور ان کے ساتھ مفید حواشی بھی تحریر کیے۔انھوں نے اپنے ایک مقالے میں کتب خانۂ آزاد کے مخطوطات کی تعداد ۳۸۹ بتائی ہے، جس میں ۳۲۰ فارسی، ۵۸ عربی اور گیارہ اردو کے ہیں۔ (۶۳) ڈاکٹر سید محمد عبداللہ مرحوم نے جب پنجاب یونیورسٹی لائبریری کے عربی، فارسی اور اردو مخطوطات کی پہلی جلد شائع کرائی (۱۹۴۲ء) تو اس کے پیش لفظ میں مخطوطات آزاد کی یہی تعداد بتائی ہے (۶۵)، لیکن ''خزائن مخطوطات'' کے تحت وہ سہواً ان کی تعداد ۳۹۸ لکھ چکے تھے۔ (۶۶) کتب خانۂ آزاد کی محولہ بالا فہرست (۱۹۱۲ء، کل صفحات ۴۸) کے کل اندراجات کی تعداد ۱۸۱۴ ہے، جن میں بقول مولوی محمد شفیع اور ڈاکٹر سید محمد عبداللہ خطی نسخوں کی تعداد ۳۸۹ ہے۔ان کے منہا کرنے سے ۱۴۲۵ مطبوعات باقی رہ جاتی ہیں۔اس کے برعکس سلمان باقر (فرزند آغا محمد باقر) ۱۴۶۸ مطبوعہ اور ۳۴۷ قلمی کتابوں کی تعداد بتاتے ہیں اور یوں فہرست کی مجموعی تعداد (۱۸۱۴) سے بھی ایک کتاب بڑھا دیتے ہیں۔اس حوالے سے ان کے والد گرامی یعنی آغا محمد باقر کا یہ کہنا درست معلوم نہیں ہوتا کہ ''جس مقصد سے یہ کتابیں یونیورسٹی کے حوالے کی گئی

Marfat.com

تھیں، وہ پورا نہ ہو سکا۔''(۶۷) جبکہ حقیقت یہ ہے کہ آغا محمد ابراہیم کی زیرِ نگرانی جتنے مخطوطات اور مطبوعات پنجاب یونیورسٹی لائبریری کو دی گئیں، وہ تقریباً ایک صدی کی طویل مدت گزرنے کے باوجود بالکل محفوظ ہیں، بلکہ راقم کے حالیہ تفصیلی جائزے کے مطابق ان قلمی اور مطبوعہ کتب کی بیان کردہ تعداد میں بھی تبدیلیاں لازم ہو گئی ہیں، مثلاً مطبوعات میں چار فارسی مخطوطات دریافت ہونے پر، جنھیں بعد میں ''فہرست مخطوطات آزاد'' (مرتبہ عارف نوشاہی وراقم) میں شامل کر دیا گیا۔ اسی طرح ایک ہی جلد میں دو فارسی مطبوعات کے ساتھ ایک عربی مخطوطہ کو بھی یکجا کر دیا گیا، جس کے کوائف بامرِ مجبوری زیرِ نظر فہرست مطبوعات میں درج کرنا پڑے۔(۶۸) علاوہ ازیں بعض رسائل و جرائد اور پنجابی کتب کو بھی اردو کتابوں کے ذیل میں درج کیا گیا تھا۔ اب ان کا الگ عنوانات کے تحت ذکر کیا گیا ہے۔ اس صورت حال میں کتب خانۂ آزاد کی پنجاب یونیورسٹی لائبریری منتقلی کے موقع پر (یعنی ۱۹۱۳ء میں) قلمی اور مطبوعہ کتابوں کی جو بھی تعداد بتائی جاتی ہے، وہ حرفِ آخر نہیں، جبکہ حقیقت یہ ہے کہ کتب خانۂ آزاد جوں کا توں محفوظ ہے اور اس میں بظاہر کوئی کمی دکھائی نہیں دیتی۔

آزاد کلیکشن کی تقریباً سبھی مطبوعات ۱۸۹۰ء سے پہلے کی چھپی ہوئی ہیں اور ان میں ایسی کتب بکثرت ہیں، جو کسی نہ کسی اعتبار سے اہم ہیں، لیکن سطورِ ذیل میں صرف ان کتابوں کی فہرست دی گئی ہے، جن کا تعلق آزاد یا ان کے والد سے ہے۔

۱۔ قصص ہند (حصہ دوم)۔ ابتدائے تصنیف ۲۵ دسمبر ۱۸۷۱ء، اختتام ۲۵ جولائی ۱۸۷۲ء۔ مطبوعہ سرکاری مطبع (لاہور)۔ ۱۸۷۲ء۔

ابتدائی چند صفحات پر آزاد نے اپنے قلم سے بعض الفاظ کاٹ دیئے ہیں اور کہیں کہیں نئی عبارتوں کا اضافہ کیا ہے۔ یہ قطع و برید اور اضافات اس بات کا ثبوت ہیں کہ انھوں نے اس کتاب کے شائع ہوتے ہی اس کی نظرِ ثانی شروع کر دی تھی، لیکن وہ اسے اپنی دیگر تصنیفی مصروفیات کے باعث جاری نہ رکھ سکے۔

۲۔ تاریخِ ہندوستان (؟) بزبان اردو۔ پچاس اوراق۔ قدرے بڑی تقطیع کے رجسٹر پر چند شاہانِ مغلیہ اور ان سے پہلے کے سلاطینِ دہلی کے حالات و واقعات قلمبند کیے گئے ہیں۔ یہ تمام صفحات آزاد نے اپنے مخصوص شکستہ آمیز خط میں تحریر کیے ہیں۔ یہ بلاعنوان ہے۔ اس کے مندرجات کے پیشِ نظر صفحہ

Marfat.com

اول پر ''تاریخ ہندوستان'' کا عنوان لکھ دیا گیا ہے۔ڈاکٹر سید محمد عبداللہ ''خزائن مخطوطات'' میں آزاد کے اس غیر مطبوعہ مسودے کے متعلق ان الفاظ میں ذکر کرتے ہیں:

''یہ بابر کے زمانے سے لے کر اکبر تک کی تاریخ ہندوستان ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مصنف نے ابتدائی خاکہ تیار کیا ہے۔اس میں جا بجا اصلاحات اور حواشی ہیں۔کوئی ترتیب نہیں۔ بابر کے حالات سب سے پیچھے ہیں۔ خط سے معلوم ہوتا ہے کہ گویا مولوی محمد حسین صاحب آزاد مرحوم کی تحریر ہے۔''(۶۹)

۳۔ خلاصۂ حالِ اقوامِ ہند (اردو) مؤلفہ ٹی، ڈبلیو، ایچ ٹالبورٹ (اسسٹنٹ کمشنر ضلع ڈیرہ اسماعیل خان)۔ مصنفہ جی، کائمبل۔ واسطے شائقین علم تواریخ کے در سنہ ۱۸۷۰ء۔ مطبع جیل، ڈیرہ اسماعیل خان میں چھپا۔

اس کتاب کے ابتدائی پانچ صفحات آزاد کے اضافات اور تصحیحات سے بھرے پڑے ہیں۔

۴۔ دساتیر (فارسی، ٹائپ میں)۔ مطبوعہ بمبئی۔ ناقص الطرفین۔

اس کتاب کے درمیان میں نیلے رنگ کے دو الگ باریک صفحات پر آزاد نے اپنے پسندیدہ موضوع سنسکرت اور قبل از اسلام کی ایرانی زبانوں کے مشترکہ پہلوؤں پر اظہار خیال کیا ہے۔

۵۔ رسائل اخوند ملا صدرا (عربی)۔ صدرالدین شیرازی کے نو رسائل کا مجموعہ۔ طہران۔ سرورق پر بقلم جلی از آزاد ''السبعۃ السیارۃ''۔ ان تمام رسالوں کے حواشی پر آزاد کی تحریر کردہ وضاحتی عبارتیں وغیرہ درج ہیں۔ اس اعتبار سے یہ نسخہ انتہائی اہم ہے۔

۶۔ شواہد ربوبیہ (عربی) از محمد صدرالدین شیرازی۔ طہران ۱۲۸۲ھ۔ متعدد صفحات پر آزاد نے سرخ قلم سے حواشی لکھے ہیں اور آخر میں مفصل فہرست مندرجات بھی ترتیب دی ہے۔

۷۔ شرح تجرید الکلام (عربی)۔ نصیرالدین طوسی کی ''تجرید الکلام'' پر قوشجی کی شرح۔ طہران ۱۳۰۱ھ۔ اکثر صفحات پر آزاد کے حواشی بقلم جلی۔

۸۔ بہار عجم (فارسی) از ٹیک چند بہار۔ اس فارسی لغت کی دونوں جلدوں (دہلی، ۱۸۵۳ء) کے حواشی پر آزاد کی توضیحی عبارتیں۔ ان سے بآسانی اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ وہ لغات کا کتنی دلچسپی اور گہری نظر سے مطالعہ کرتے تھے۔ آزاد کے یہ حواشی ایک الگ تفصیلی مطالعہ کے طالب ہیں۔

Marfat.com

۹۔ نسخۂ دلکشا (فارسی) مؤلف جنم جی متر آرمان (جلد اول۔ کلکتہ ۱۸۷۰ء۔ ٹائپ میں)۔ شعرائے اردو کے اس تذکرہ میں بعض شعرا کے ذیل میں آزاد نے مفید اضافے کئے ہیں۔ اس تذکرہ کے حصہ اول کے متعدد نسخے دستیاب ہیں، لیکن آزاد کے ان حواشی کے باعث اس نسخے کی اہمیت خاصی بڑھ گئی ہے۔ (۷۰)

۱۰۔ تمثیلات (فارسی) چند ڈراموں کا مجموعہ، مترجم مرزا جعفر قزلباش داغی۔ طہران ۱۲۸۲ھ۔ مع حواشی کثیرہ بقلم آزاد۔ ان سے آزاد کی ڈرامہ نویسی کے فن سے گہرے لگاؤ کا علم ہوتا ہے۔ اسی کے زیر اثر انہوں نے خود بھی ڈرامے لکھے، مثلاً ''اکبر'' (مطبوعہ)، ''ابوالحسن'' (مجلہ کارواں (لاہور)، ۱۹۳۵ء)۔

۱۱۔ تحفۃ العراقین از خاقانی شروانی۔ بہ تحشیہ و تصحیح منشی ابوالحسن، مدرس اول فارسی، آگرہ کالج۔ 1855ء۔ در مطبع مدرسہ آگرہ۔ بعض صفحات پر حواشی از آزاد۔

۱۲۔ ہادی التواریخ (اردو) از محمد بن محمد ہمدانی دہلوی۔ دہلی ۔ سنہ طباعت ندارد، لیکن یقیناً قبل از ۱۸۵۷ء۔

آغا محمد باقر نبیرۂ آزاد اور مولوی محمد شفیع نے اسے آزاد کے والد مولوی محمد باقر کی تصنیف قرار دیا ہے، کیونکہ وہ محمد بن محمد کے نام سے کتابیں لکھا کرتے تھے، لیکن سطور ذیل میں اس کے سرورق کی جو عبارت منقول ہے، اس سے ان کے بیان کی تصدیق نہیں ہوتی۔ اس کتاب کے متعلق وہ مزید لکھتے ہیں:

''ان کی [مولوی محمد باقر کی] تالیفات میں ''ہادی التواریخ'' اونچے درجے کی کتاب ہے۔ ان کی زندگی میں اردو اخبار پریس نے اسے کئی بار شائع کیا۔ اس کی ایک جلد مجھے پروفیسر محمود شیرانی مرحوم نے ۱۹۳۵ء میں کہیں سے لاکر دی تھی اور کہا تھا میں یہ اس لئے لایا ہوں کہ اردو اخبار پریس کی چھپی ہوئی تمہارے پاس کوئی کتاب نہیں۔ میں نے اسے تبرکاً اپنے پاس حفاظت سے رکھا۔ اس میں تاریخ اسلام کے واقعات و حادثات تاریخ وار درج ہیں اور ان کی صحت اور عدم صحت پر محققانہ بحث کی ہے۔ نہایت مفید اور پر از معلومات کتاب ہے اور مولوی صاحب کے وسیع مطالعہ اور تاریخی قابلیت کی شہادت دیتی ہے۔ لکھنؤ سے یہ کتاب کئی بار شائع ہوئی۔ اس کا ایک نسخہ اردو اخبار پریس کا مطبوعہ ہے۔ آزاد کلیکشن میں پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں موجود

Marfat.com

ہے۔مولانا آزاد نے اس کے اصول پر ''سنین الاسلام'' مرتب کی تھی جو ڈاکٹر لائٹنر کے نام سے پنجاب ٹیکسٹ بک کمیٹی نے شائع کی تھی۔''(۷۱)

سرورق کی عبارت:

''در مطبع جعفریہ بمکان متعلقہ امام باڑہ وقفی حضرت استاذ نا ومولانا وہادینا جناب مولوی محمد باقر صاحب دامت افاضاتہم وبرکاتہم باہتمام بندہ محمد علی عنہ حلیہ طبع پذیرفت''

سرورق کی اس عبارت سے یہ واضح ہے کہ ''ہادی التواریخ'' مولوی محمد باقر کی نہیں بلکہ ان کے شاگرد رشید محمد بن محمد کی تصنیف ہے۔اس نسخے کے ابتدائی تین صفحات، متن کے چند صفحات اور آخری دو صفحات پر ہاتھ کی لکھی ہوئی عبارتیں درج ہیں، لیکن ان کا خط آزاد کے پختہ شکستہ آمیز خط سے مختلف ہے۔

۱۳۔ رسالہ [بعض حضرات اہل سنت نے دوسوال] ایک در باب قرآن اور ایک حلّتِ متعہ میں سلطان العلماء مجتہد العصر والزمان.....کی خدمت میں بطور استفتا لکھے تھے۔سو جو کچھ جناب محتشم الیہ نے جواب رقم فرمایا، لکھنؤ میں وہ چھاپہ ہو کے بطریق رسالہ شائع کیا گیا، چنانچہ ایک جناب حضرت استاذی ومولائی جناب مولوی محمد باقر پیش نماز وواعظ اثنا عشری برکاتہم کے لئے بھی آیا کہ وعظ میں سب مومنین کو سنایا.....ان کا جواب۔

مطبع الہدایہ، ۱۸۵۶ء۔صفحات ۱۶

اس رسالے میں مولوی محمد باقر کے دو رسائل کا بھی حوالہ دیا گیا ہے۔

اس رسالہ کے صفحات ۱۳ تا ۱۵ پر آزاد اور ان کے والد کے سوانح، معتقدات اور فروعی تنازعات کے متعلق اہم اور انتہائی نایاب کتاب ''فوائد دینیہ'' کا طویل اشتہار دیا گیا ہے۔متعلقہ عبارت درج ذیل ہے:

''واضح ہو مومنین متقین پر کہ جیسے یہ دونو استفتا اور جواب کارآمد شیخ وشابِ مومنین ہیں۔ایک مجموعہ استفتاؤں اور فتاویٰ دونو جنابین مجتہدین دام برکاتہما کا جس کا نام ہے ''فوائد دینیہ'' در باب جمیع امور طہارت آب چاہ اور طریقہ تطہیر بہ تفصیل مقدار ڈولوں وغیرہ.....بہت ضروری فتاویٰ کہ ہر باب میں فتاویٰ جناب قبلہ وکعبہ بہت کارآمد مومنین بہ تفصیل ہیں اور فتاویٰ اور تحریرات واجازت عمومی وخصوصی

Marfat.com

جناب مجتہد العصر دام برکاتہ واسطے پیش نمازی اور تصنیف وتالیف کتب دینیہ کی نسبت جناب حضرت مولٰینا ومقتدانا حضرت استاذی مولوی محمد باقر صاحب ممدوح الصدر دام ظلہم وزاد ہدایاتہم کی جو کہ ان کے تلمیذ باتمیز صاحب ورع والقا سعید ازلی حضرت سید علی صاحب نے یہ سب فتاویٰ اور تحریرات طبع کر کے چھپوائے ہیں.....''

۱۴۔ تواریخِ بری اور بحری

رونر صاحب کی کابینٹ سائیکلو پیڈیا سے منشی شیو پرشاد نے باصلاح سٹوارڈ صاحب کے اردو میں ترجمہ کیا۔۲۲ اکتوبر ۱۸۴۵ء۔

دہلی اردو اخبار پریس مکان مولوی محمد باقر واقعہ گذرا عتقاد خان میں باہتمام پنڈت موتی لعل پرنٹر اور پبلشر کے چھاپہ ہوا۔ صفحات ۱۴۷

۱۵۔ رسائل فضایل جناب امیر علیہ السلام (اردو)۔ تالیف محمد رضا خان خلف محمد کامگار خان ولد محمد اللہ یار خان بن حافظ الملک حافظ رحمت خان بہادر مرحوم صوبہ کٹہر ساکن شہر دہلی۔

باہتمام پنڈت موتی لعل پرنٹر اور پبلشر کے مکان متعلقہ بوتو فہ امام باڑہ، مولوی محمد باقر میں چھپا۔ طبع شد در ۱۲۶۳ھ۔

سرورق کے اوپر: ''اللھم صل علی محمد و آل محمد بعد کل معلوم لک''

۱۶۔ نسخہ کفایۂ منصوری (اردو) در طب نظری وعملی۔ بانصرام واہتمام بندہ سید حسن پرنٹر و پبلشر در مطبع دہلی اردو اخبار۔ مکان متعلقہ امام بارہ وقفی مولوی محمد باقر صاحب طبع گردید۔ ۱۲۶۸ھ/۱۸۵۳ء

۱۷۔ صیانت العوام عن السیات والآ نام الملقبۃ بالسیف المسلول علی من افکر اثر قدم الرسول در ساعت سعیدہ واوان حمیدہ (اردو)

در مطبع دہلی اردو اخبار باہتمام بندہ خاکسار محمد حسین بہ تصحیح مؤلف دام برکاتہ مطبوع گردید۔ سرورق پر ''کتب خانہ مولوی رجب علی خان بہادر'' کی مہر ثبت ہے۔ ۱۲۶۷ھ/۱۸۵۱ء

۱۸۔ نزہۃ اثنا عشریہ (اردو) تالیف: ابن عنایت اللہ خان المتخلص بالکامل میرزا محمد۔ جلد نہم۔ ناقص الاول۔

آخری صفحہ پر:

Marfat.com

تمت بالخیر مطبع دہلی اردو اخبار میں باہتمام بندہ محمد حسین مہتمم کے ۱۲۷۲ ہجری میں چھپا۔

۱۹۔ کلیات سید انشاء اللہ خان۔ بہ تصحیح تمام و تنقیح مالاکلام و عرق ریزی کار پردازان مطبع۔ در مطبع دہلی اردو اخبار باہتمام بندہ محمد حسین طبع شد۔ ۱۸۵۵ء۔

اب آخر میں چند باتیں زیر نظر توضیحی فہرست کے متعلق:

۱) گذشتہ سال کے اواخر میں راقم کی جانب سے ڈاکٹر تحسین فراقی صاحب، صدر شعبہ اردو، یونیورسٹی اورینٹل کالج کی خدمت میں تحریراً یہ تجویز پیش کی گئی کہ آئندہ سال اس کالج کے استاد اور اردو ادب کے نامور انشا پرداز مولانا محمد حسین آزاد کی وفات کو ایک صدی گزر جائے گی، اس لیے اس یادگار موقع کی مناسبت سے یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ آزاد کلیکشن کی مخزومہ قلمی اور مطبوعہ کتب کی ایک وضاحتی فہرست شائع کی جائے۔ فراقی صاحب نے میری تجویز پر صاد کیا اور دفتری قواعد و ضوابط کے پُر خار راستوں سے گزرتے ہوئے رئیس الجامعہ سے منظوری حاصل کر لی۔ فی الفور تین رکنی کمیٹی بھی تشکیل دے دی گئی، جس میں فراقی صاحب کے علاوہ جناب ڈاکٹر ساجد علی (صدر شعبہ فلسفہ) اور چودھری محمد حنیف (چیف لائبریرین) بھی شامل تھے۔ اس کمیٹی کے متفقہ فیصلے کے مطابق طے پایا کہ ذخیرۂ آزاد کے خطی نسخوں اور مطبوعہ کتب کی الگ الگ فہارس مرتب ہوں گی اور یہ فہرستیں عارف نوشاہی اور راقم الحروف تیار کریں گے۔ انھی دنوں یہ اطلاع موصول ہوئی کہ کچھ عرصے سے عارف نوشاہی صاحب آزاد کلیکشن کے فارسی مخطوطات کی فہرست تیار کر رہے ہیں جو فارسی زبان میں ہوگی۔ چنانچہ ان سے رابطہ کیا گیا اور انھوں نے اس فہرست کو اردو مین مرتب کر کے کمپوز شدہ مسودہ ارسال کر دیا۔ عربی اور اردو مخطوطات کی فہرست ترتیب دینے اور مطبوعات کی مکمل جلد تیار کرنے کا کام راقم کو سونپا گیا۔ بظاہر اس منصوبے کے لئے طے کردہ مدت یعنی دو ماہ بہت کم تھی، لیکن [redacted] اردو پنجاب یونیورسٹی کے زیر اہتمام دو روزہ (۲۰ اور ۲۱ جنوری ۲۰۱۰ء) بین الاقوامی آزاد سیمینار کے انعقاد کا فیصلہ ہو چکا تھا، اس لیے تمام احباب کی یہی خواہش تھی کہ یہ دونوں جلدیں اس یادگار موقع پر طبع ہو جائیں۔ جہاں تک انسانی مساعی کا عمل دخل ہے، اس میں کوئی کوتاہی نہیں کی گئی، لیکن اس موقع پر صرف مخطوطات سے متعلقہ جلد پیش کی جا سکی اور دوسری جلد جس میں مطبوعات کے کوائف قلمبند کیے گئے تھے، بعض ناگزیر وجوہ کے سبب تاخیر کا شکار ہو گئی اور یہ اب قارئین کی خدمت میں پیش کی جا رہی ہے۔

۲) فہرست ہٰذا کی موضوعی ترتیب وہی رکھی گئی تھی، جو تقریباً ہر جگہ رائج ہے اور یونیورسٹی لائبریری

Marfat.com

میں محفوظ ذخائر مخطوطات کی طبع شدہ فہرستوں میں بھی اسی کو بنیاد بنایا گیا، یعنی قرآن، حدیث، فقہ، تاریخ، ادب، علوم مختلفہ وغیرہ، لیکن فہرست فارسی مخطوطات کے مرتب نے اس مروجہ ترتیب کے بجائے بالکل الگ ترتیب کو اختیار کیا تھا۔ خاصی بحث وتمحیص کے بعد بالآخر متعلقہ کمیٹی نے یہی فیصلہ کیا کہ آزاد کلیکشن کی فہارس کو بھی اسی نئی ترتیب کے مطابق تیار کیا جائے۔ چنانچہ اس فیصلے کی رُو سے عربی اور اردو مخطوطات کے علاوہ سیکڑوں مطبوعات کو عارف نوشاہی صاحب کی اختیار کردہ ترتیب کے تحت درج کرنا پڑا۔ ترتیب نو کا یہ مرحلہ کٹھن بھی تھا اور وقت طلب بھی۔ بہر حال یہ مفت خواں بھی طے کر لیا گیا، لیکن فہرست مطبوعات بروقت طبع نہ ہو سکی۔ اس فہرست کو مروجہ موضوعی ترتیب کے مطابق بھی تیار کیا جا سکتا تھا، لیکن دو جلدوں میں الگ الگ طریقِ ترتیب کی پیروی مناسب نہیں سمجھی گئی، اس لیے اس فہرست کو بھی فہرست مخطوطات کے انداز پر مدون کرنا پڑا۔

۳) جناب تحسین فراقی ان فہارس کی تدوین کے تمام مراحل میں قدم سے قدم ملا کر چلتے رہے اور انھوں نے کہیں بھی بھرپور معاونت سے گریز نہیں کیا۔ نظر ثانی کے دوران میں ان کے استفسارات، سوالیہ نشانات، توضیح طلب عبارات اور مختلف النوع اشکالات ان کی باریک بینی اور ذمہ دارانہ علمی رویوں کا بیّن ثبوت ہے۔ ان کی اس ژرف نگاہی نے ان فہارس کو خوب سے خوب تر بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ مرتبہ فہرست پر جناب خورشید رضوی نے نظر ثانی کی زحمت گوارا فرمائی۔ بالخصوص عربی مخطوطات اور مطبوعات کے مندرجات کی تصحیح اور درستی ان کی وسعت مطالعہ، عربی زبان وادبیات پر کامل دستگاہ اور عمیق نظری پر دلالت کرتی ہے۔

آزاد کلیکشن یونیورسٹی لائبریری کے اورینٹل سیکشن میں محفوظ ہے، اس لیے وہیں بیٹھ کر تمام مخطوطات ومطبوعات کو ورق ورق دیکھنا پڑا۔ سیکشن کے انچارج جناب حامد علی کے اشتراک اور ان کے فعال رفقاء کے بھرپور تعاون سے فہرست سازی کا یہ کٹھن مرحلہ آسان سے آسان تر ہوتا گیا۔ فہارس کی تدوین کے علاوہ اس جلد کے مقدمہ کے لیے انھوں نے جو نایاب وکمیاب اخبارات، دستاویزات اور قدیم رسائل وجرائد فراہم کیے، ان کا الفاظ میں شکریہ ادا نہیں کیا جا سکتا، پروردگار سے دعا ہے کہ وہ انھیں اس مخلصانہ اشتراک عمل کا اجر عطا فرمائے۔ آمین۔

Marfat.com

حواشی

۱۔ در: اورینٹل کالج۔ میگزین۔ فروری ۱۹۴۱ء

۲۔ ڈاکٹر سید محمد عبداللہ: وجہی سے عبدالحق تک۔ باردوم۔ لاہور ۱۹۷۷ء۔

۳۔ پروفیسر وقار عظیم ''تنقیدِ آزاد اور اس کا مخصوص مزاج'' (در: صحیفہ، ۱۳، ۱۹۶۰ء)

۴۔ آب حیات کا تنقیدی مطالعہ از سید مسعود حسن رضوی ادیب۔ لکھنؤ ۱۹۵۳ء۔ ص ۱۱-۱۹۔ نیز رک: ادیب مرحوم ہی کا مقالہ ''آب حیات کا تنقیدی مطالعہ'' در: آج کل (دہلی) مارچ ۱۹۵۴ء

۵۔ رک: شمس العلماء مرتبہ محمد حنیف شاہد۔ لاہور ۲۰۰۹ء

۶۔ ادیب (الہ آباد) بابت فروری ۱۹۱۰ء۔ اداریہ از نوبت رائے نظر لکھنوی۔ ص ۱۰۴۔ ایک بار آزاد کو ''ملک الشعراء'' کا خطاب پیش کرنے کی بھی تجویز پیش کی گئی (بحوالہ اخبار عام (لاہور) بابت ۸ ستمبر ۱۸۸۷ء) لیکن اس پر عمل نہ ہو سکا۔

۷۔ سیر ایران مرتبہ آغا محمد طاہر نبیرۂ آزاد۔ لاہور۔ ۱۹۲۲ء۔ ص ۵۷

۸۔ مولوی محمد باقر (در: ادبی دنیا۔ دور پنجم، شمارہ ہشتم۔ خاص نمبر ۸)

۹۔ اردو کا پہلا صحافی (ماہ نو (کراچی) جون ۱۹۵۶ء۔ ص ۱۰-۱۵) نیز رک: آزاد اور ان کے والد (چند تصریحات) از محمد اکرام چغتائی (در: راوی (محمد حسین آزاد نمبر) ۱۹۸۳ء۔ نیز دیکھیے: مولوی محمد باقر از گریچن چندن (نقوش۔ سالنامہ۔ شمارہ ۱۴۱، ص ۱۳۳-۱۴۶)

۱۰۔ مکتوب خدا بخش بنام ڈاکٹر اشپرینگر۔ (بابت ۲۶ دسمبر ۱۸۴۸ء، در: محمد حسین آزاد (نئے دریافت شدہ مآخذ کی روشنی میں) تعارف و ترتیب از محمد اکرام چغتائی۔ لاہور ۲۰۰۴ء۔ بالمقابل ص ۱۷)

۱۱۔ دیکھیے:

The Last Mughal: The Fall of a Dynasty, Delhi, 1857.

By William Dalrymple. New Delhi 2007, p. 86

۱۲۔ رک: شاہان اودھ کے کتب خانوں کی فہرست (انگریزی)۔ مرتبہ اشپرینگر۔ جلد اول۔ کلکتہ ۱۸۵۴ء۔ پیش لفظ۔

۱۳۔ ڈاکٹر اشپرینگر از ڈاکٹر خواجہ احمد فاروقی (مستشرقین کی بین الاقوامی کانگرس نمبر۔ مقالوں سے خلاصے در:

Marfat.com

رسالہ جامعہ (دہلی)۔فروری ۱۹۶۴ء)

۱۴۔ رک: کتب خانۂ انجمن پنجاب از محمد حنیف شاہد (در: صحیفہ، جنوری ۱۹۷۳ء، ص ۴۱-۵۴)

۱۵۔ ملاحظہ کیجیے آزاد کا مضمون ''کتب خانۂ انجمن (قلمی و مطبوعہ)'' ۱۸۶۷ء۔ در: مقالات آزاد۔ مرتبہ آغا محمد باقر نبیرۂ آزاد۔ جلد دوم۔ لاہور ۱۹۷۸ء۔ ص ۳۳۱-۳۳۳۔ چند تجاویز برائے تحفظ کتب۔

۱۶۔ سیر ایران، درج بالا، ص ۵۸

۱۷۔ اپنے ایک شاگرد لال ڈنی چند کو ایک مکتوب (بابت ۱۶ جنوری ۱۸۷۶ء) میں لکھتے ہیں:

''.....اور کتابوں کے بارے میں خدا جانے تم نے کیا بندوبست کیا؟ دیکھوں تو کتنے کتب خانے میرے لیے لاتے ہو۔'' (مکتوبات آزاد مرتبہ مرتضیٰ حسین فاضل لکھنوی۔ لاہور ۱۹۶۶ء۔ ص ۱۰۵)

۱۸۔ کتب خانۂ آزاد (در: ادبی دنیا۔ خاص نمبر۔ دور پنجم، شمارہ چہارم۔ ص ۲۰۲۔ اسی مضمون کے لیے رک: الزبیر (بہاولپور) کتب خانہ نمبر ۱۹۶۷ء۔ راوی (محمد حسین آزاد نمبر)۔ لاہور ۱۹۸۳ء)۔ نیز رک: کتب خانہ محمد حسین آزاد از مختار الدین احمد (در: قومی زبان (کراچی) جنوری ۱۹۹۷ء ص ۹-۱۴)۔ مضمون نگار نے آغا محمد باقر کے مضمون میں پیش کردہ معلومات میں کوئی اضافہ نہیں کیا۔

۱۹۔ رہبر ہند (لاہور)۔ بابت ۵ جنوری ۱۸۸۵ء۔

۲۰۔ سیر ایران۔ درج بالا۔ ص ۲۶

۲۱۔ ایضاً، ص ۵۸-۵۹

۲۲۔ ایضاً، ص ۶۳

۲۳۔ محمد حسین آزاد تعارف و ترتیب از محمد اکرام چغتائی۔ درج بالا۔

۲۴۔ چند اہم اخبارات و رسائل از قاضی عبدالودود۔ پٹنہ ۱۹۹۳ء۔ ص ۱۵۸

۲۵۔ سیر ایران۔ درج بالا۔

۲۶۔ رک: اخبار عام (لاہور) بابت ۲۸ جولائی ۱۸۸۶ء، ۳۱ جولائی ۱۸۸۶ء، ۴ اگست ۱۸۸۶ء۔

۲۷۔ ایک ہمعصر اخبار لکھتا ہے: ''پروفیسر آزاد نے جو سیاحت ایران پر لکچر دیا تھا، جلسہ کے خاتمہ پر ان سے درخواست کی گئی کہ آپ آئندہ ایک لکچر اس مضمون پر دیں کہ یورپ کی سولیزیشن نے ایران میں کس قدر اثر کیا ہے۔ پروفیسر آزاد نے منظور کیا لیکن اس سبب سے کہ یکم اگست سے پندرہویں اکتوبر تک کالجوں اور نارمل

Marfat.com

سکول میں سالانہ تعطیل ہے۔کالج کھلنے کے بعد لکچر دیں گے تا کہ سب مشتاق لاہور میں پہنچ جاویں۔''

(اخبار عام (لاہور) بابت ۱۹ اکتوبر ۱۸۸۶ء)

آزاد کے انھی لکچروں کو محمد طاہر نبیرۂ آزاد نے پہلے بہ عنوان ''روزنامچہ'' بالاقساط شائع کرایا (در: ہمایوں (لاہور)۔مئی تا اگست ۱۹۲۲ء۔ چار اقساط) اور پھر اسی سال ان قسطوں کو یکجا کر کے ''سیر ایران'' کے زیر عنوان کتابچے کی صورت میں چھپوایا۔اس پر ایک مبصر یوں اظہار خیال کرتا ہے:

''بعض جگہ عامیانہ فارسی کا رنگ ٹپکتا ہے جس کی آزاد کے قلم سے توقع نہ تھی۔ممکن ہے مسودہ کی درستی میں کسی ''مہمل'' جدید فارسی جاننے والے سے مدد لی گئی ہو۔اردو میں کہیں تغیر و تبدل نہیں کیا گیا۔اکثر جگہ غلطیاں ہیں۔''

(ہمایوں (لاہور) بابت نومبر ۱۹۲۲ء)

۲۸۔ سیر ایران۔ایضاً، ص ۴۹

۲۹۔ ایضاً، ص ۵۴

۳۰۔ مقالات آزاد مرتبہ آغا محمد باقر۔جلد اول۔لاہور ۱۹۶۶ء۔ص ۴۷۸

آزاد کلیکشن (پنجاب یونیورسٹی لائبریری، لاہور) میں ایسی فارسی کتابیں موجود ہیں، جن کے سرورق پر مصنفین کی عبارتیں مع دستخط درج ہیں۔ان کتابوں کے حوالے درج ذیل ہیں:

(الف) علم تحصّن (اصول تعمیر قلعات)۔مصنفہ موسیو بوہلر۔ترجمہ مرزا علی اکبر مطبوعہ طہران (نمبر A Ph III 39)

(ب) حکمت طبیعی، اصول علم فزیک۔مؤلف علی خان۔طہران 1295ھ (نمبر A Ph II 6) وغیرہ

۳۱۔ بابت ۱۷ مارچ ۱۸۸۶ء

۳۲۔ مولانا محمد حسین آزاد کے دو غیر مدون خط، در: تحقیقی زاویے از گوہر نوشاہی۔ اسلام آباد ۱۹۹۱ء۔ص ۳۳۵-۳۴۶

۳۳۔ اخبار عام (لاہور)۔بابت ۲۵ اگست ۱۸۸۶ء

۳۴۔ ریاض الاخبار (گورکھپور) بابت جولائی ۱۸۸۷ء

۳۵۔ ادیب (الہ آباد) ۱۹۱۰ء۔نیز ان کا مجموعہ مضامین بعنوان ''منثورات''۔

Marfat.com

۳۶۔ اخبار عام (لاہور)۔ بابت ۲۷ اگست ۱۸۸۷ء۔ کچھ ماہ بعد ایک خط بنام کریم بخش (۲۸ مارچ ۱۸۸۸ء) میں لکھتے ہیں: ''ابھی میں نے کسی کو اخبار بھیجنے کو نہیں لکھا مگر حب وطن تحریک کر کے اہل مطابع سے بارہ چودہ اخبار بھی بھجوانے لگی ہے۔''

۳۷۔ مکتوبات آزاد بنام مولوی کریم بخش۔ بابت ۲۸ مارچ ۱۸۸۸ء۔ (رک: شمس العلماء محمد حسین آزاد کے دو نادر خط از افضل حق قرشی، در: اورینٹل کالج میگزین۔ جلد ۵۶: ۱، شمارۂ مسلسل ۲۲۴، ص ۱۵)۔ قرشی صاحب کے فراہم کردہ دوسرے خط سے ایک اقتباس: ''ابھی تعمیر کی بھی دُم اٹکی ہوئی ہے اور اس میں راج مزدوروں کی دل آزاریاں میرا دل توڑ دیتی ہیں۔ طبیعت کا مزہ بگڑ جاتا ہے۔'' (حوالہ مذکورہ، ص ۱۶۔ یہ مکتوب بلا تاریخ ہے تخمیناً اپریل ۱۸۸۸ء تاریخ تحریر بتائی گئی ہے، جو محل نظر ہے)

۳۸۔ اخبار عام (لاہور) بابت ۲۸ جنوری ۱۸۸۸ء۔

۳۹۔ رک: قرشی صاحب کا مقالہ مذکورہ، ص ۱۶

۴۰۔ رک: فہرست مخطوطات آزاد مرتبہ عارف نوشاہی و محمد اکرام چغتائی۔ لاہور ۲۰۱۰ء، ص ۳۴

۴۱۔ مراسلہ بنام مولوی محمد کریم بخش (بابت ۲۸ مارچ ۱۸۸۵ء)۔ رک: مقالہ قرشی، درج بالا۔

۴۲۔ ایضاً، مراسلہ دوم۔

۴۳۔ رک:

The Annual Meeting of the Committee of the Punjab Public Library, Proceedings. Dated February 2, 1889.

۴۴۔ مکاتیب آزاد مرتبہ مرتضیٰ حسین فاضل لکھنوی۔ لاہور ۱۹۶۶ء، ص ۲۶۳-۲۶۴

۴۵۔ لائبریری کمیٹی کے اجلاس (منعقدہ جون تا اکتوبر ۱۸۹۰ء) کی متعلقہ دو شقیں یہ ہیں:

"4. Maulvi Muhammad Husain Azad having offered to make over the "Azad" library to the Punjab Public Library, the Secretary was directed to ascertain from the Maulvi's son if he confirmed his father's action and was prepared to carry out his wishes.

Marfat.com

5. The Secretary submitted lists of Oriental books proposed to be purchased for the Library. It was ordered that the question of purchasing the books be postponed until the matter of the present transfer of the "Azad" Library alluded to in the paragraph immediately preceding is settled."

ایک معاصر اخبار لکھتا ہے:

''مولوی محمد حسین آزاد نے اپنا کتب خانہ آزاد اسی پبلک لائبریری سے ملحق کر دینے کی خواہش ظاہر کی ہے۔ ان کے فرزند سے دریافت کیا گیا ہے کہ آیا وہ اس خواہش کو پورا کرنے پر رضامند ہیں۔''

(اخبار عام (لاہور)۔ بابت ۱۳ دسمبر ۱۸۹۰ء)

۴۶۔ رک: سالانہ میٹنگ، متذکرہ بالا۔ بابت نومبر ۱۸۹۰ء-جنوری ۱۸۹۱ء۔

۴۷۔ رک: ایضاً، بابت ۱۱ مئی ۱۸۹۱ء۔

۴۸۔ رک: ایضاً، بابت مئی، جون ۱۸۹۱ء۔

۴۹۔ رک: ایضاً، بابت ۲۲ جولائی ۱۸۹۲ء۔

۵۰۔ رک: ایضاً، بابت ۴ مارچ ۱۸۹۳ء۔

۵۱۔ رک: ایضاً، بابت ۲۵ نومبر ۱۸۹۳ء۔

۵۲۔ رک: ایضاً، بابت ۳۱ جنوری ۱۸۹۶ء۔

۵۳۔ برائے تفصیل رک: محمد حسین آزاد کا عالم وارفتگی از آغا سلمان باقر۔ لاہو ۱۹۸۷ء، ص ۱۰۵-۱۱۲

۵۴۔ محمد الدین فوق بتاتے ہیں کہ غالباً ۱۹۰۰ء میں وہ چند کتابیں ہاتھ میں پکڑے انارکلی کی طرف جا رہے تھے کہ آزاد سے آمنا سامنا ہو گیا۔ کتابیں دیکھ کر کہنے لگے کہ کبھی ہمارے کتب خانہ میں آؤ اور دیکھو کہ وہاں کیسی کیسی کتابیں موجود ہیں۔ (دیکھئے ان کا مضمون، در: زمانہ (کانپور) ۱۹۱۰ء)

۵۵۔ اخبار ہنٹر (لاہور)۔ بابت ۲۱ فروری ۱۹۱۰ء

۵۶۔ زمیندار (لاہور) بابت یکم فروری ۱۹۱۰ء

۵۷۔ مکتوب بنام مولوی محمد کریم بخش، بابت ۲۸ مارچ ۱۸۸۸ء۔ بحوالہ مضمون از افضل حق قرشی، مذکورہ بالا۔

Marfat.com

۵۸۔ یہ فہرست آزاد کے پڑپوتے آغا سلمان باقر صاحب کے پاس محفوظ ہے اور انھی کے تعاون سے اس کا عکس شائع کر دیا گیا ہے (در: بازیافت۔ اورینٹل کالج، شمارہ ۱۵ (جولائی ۲۰۰۹ء تا دسمبر ۲۰۰۹ء)، ص ۲۶۹-۳۱۶) اس سے قبل آغا سلمان باقر نے اس فہرست کے پس منظر اور پیش منظر پر بھی روشنی ڈالی ہے۔ (ص ۲۵۹-۲۶۸)

۵۹۔ دیکھیے: نگارستان فارس از آزاد۔ بار دوم۔ لاہور ۱۹۵۷ء۔ عرض کیفیت از محمد طاہر نبیرۂ آزاد۔ ص ۲۸۴۔ طبع اول۔ لاہور، ۱۹۲۲ء)۔

۶۰۔ دیکھیے: اورینٹل کالج میگزین۔ مئی ۱۹۲۶ء۔ ادارتی نوٹ۔ کیا شُبھ گھڑی تھی کہ یہ کتب خانۂ آزاد یہاں منتقل ہوا۔ اس کے بعد تقریباً ستانوے برسوں میں یہاں قیمتاً یا ہدیتہً مزید سترہ نجی کتب خانے شامل ہوئے ہیں۔

۶۱۔ اورینٹل کالج میگزین۔ مئی ۱۹۲۶ء۔ ''خزائن مخطوطات: پنجاب یونیورسٹی لائبریری کا بہرۂ تاریخی'' از سید عبداللہ۔ بالاقساط۔ مزید دیکھیے:

A Descriptive Catalogue of the Persian, Urdu and Arabic MSS. in the Panjab University Library, vol. I, fasc. I. Compiled by S. M. Abdullah. Lahore. 1942.

۶۱ (الف) حال ہی میں شعبہ اردو اورینٹل کالج کے زیر اہتمام منعقدہ دو روزہ عالمی سیمی نار کے اختتامی اجلاس منعقدہ ۲۱ جنوری ۲۰۱۰ء میں اسی مضمون کی قرارداد منظوری کی گئی ہے۔ دیکھیے نتیجہ کیا نکلتا ہے۔

۶۲۔ دیکھیے، متذکرہ بالا، نوٹ ۶۰۔ نیز دیکھیے بازیافت (شعبہ اردو، پنجاب یونیورسٹی اورینٹل کالج، شمارہ ۱۵ (جولائی ۲۰۰۹ء تا دسمبر ۲۰۰۹ء) ''کتب خانہ آزاد کی ۱۹۱۲ء کی قلمی فہرست، پس منظر اور پیش منظر'' از آغا سلمان باقر، ص ۲۵۹-۳۱۶، مع عکس فہرست)

۶۳۔ رک: محمد حسین آزاد مرتبہ محمد اکرام چغتائی۔ لاہور، ۲۰۰۴ء۔ ضمیمہ اول۔

۶۴۔ اورینٹل کالج میگزین۔ نومبر ۱۹۲۶ء۔ ص ۵۵

۶۵۔ رک: کیٹلاگ، درج بالا، دیباچہ۔

۶۶۔ ''کتب خانۂ آزاد'' در: ادبی دنیا، درج بالا۔

۶۷۔ خلاصۃ الحساب مؤلفہ شیخ بہاء الدین (عربی) اور کتاب فارسی ہیئت (دونوں مطبوعہ طہران) کے ساتھ کلام

Marfat.com

قیس عامری (عربی)۔ بین السطور بعض الفاظ کے تحت فارسی مفاہیم۔ حواشی فارسی میں۔

ابتدا: الحمدللہ رب العالمین.....حدث ابوبکر الوالبی قال حدثنی ابوجعونۃ الذملی عن ابی العالیہ

اختتام: ثم مازال یکرر البیت حتی مات ودفن الی جنبھا قال ابوبکر الوالبی ھذہ جملۃ ماتناھی الینا من اخبار المجنون و اشعارہ خارجا عما لم نکتبہ وما کان منحولا من قصیدۃ او خبرا عرضنا عن کتابتہ۔

اس کے بعد:

قد فرغت من تسوید ھذا الکتاب من شہر شیراز فی اربع شہر جمادی الاولیٰ بعد الالف المائتین وسبع وثمانین من الھجرۃ (۱۲۸۷ھ).....اس کے بعد مہر ''محمد علی''

لائبریری نمبر Aph

III 13

۶۸۔ رک: اورینٹل کالج میگزین۔ نومبر ۱۹۲۶ء۔ ص ۶۶

۶۹۔ تفصیل کے لئے دیکھئے: ''نسخہ دلکشا، ایک نادر تذکرہ'' از ڈاکٹر محمد ہارون قادر، در: دریافت (اسلام آباد)، شمارہ ۹ (۲۰۱۰ء)، ص ۱۵۰-۱۷۹

۷۰۔ مولوی محمد باقر (در: ادبی دنیا۔ دور پنجم، شمارہ ششم۔ خاص نمبر ۸، ص ۱۷۸)

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

Marfat.com

فارسی مطبوعات

Marfat.com

Marfat.com

مجموعہ ہائے کتب و رسائل

مجموعہ

اس میں درج ذیل تین رسائل ہیں:

۱) ریاض القدس۔تصنیف: شاہ نظام بلخی

۲) رسالہ الہامات الموجود۔تصنیف: شیخ محمد تھانوی

۳) رسالہ ہمہ اوست۔تصنیف: محمد جمال الدین سہنسپوری

بجنور: کریم المطابع۔ ۱۳۰۵ھ، صفحات ۱۴۹

مجموعہ (پنج گنج، تمرین سعیدی، زبدہ مع تشحیذ، تکملہ نافعہ)

کانپور: مطبع مصطفائی، ۱۲۹۰ھ، صفحات ۱۰۰

مجموعہ

۱) نحوِ میر

۲) خلاصہ

۳) جُمل

۴) عمدۃ المرام فی تحقیق الجملۃ والکلام (از الٰہی بخش فیض آبادی)

۵- تتمہ

لکھنؤ: نولکشور۔صفحات ۳۸۔ بلا تاریخ۔ ناقص الآخر

مجموعہ

۱) خلاصہ اخلاق ناصری

Marfat.com

اردو ترجمہ از درگا پرشاد نادر ابن منشی منسا رام دہلوی قوم کھتری، مدرس ریاضی مدرسہ تعلیم المعلمین، دہلی

۲) فرہنگ نادری (فرہنگ ترجمہ اخلاق ناصری) از درگاہ پرشاد نادر

۳) مطلع الاخلاق (بر حاشیہ)

۴) انتخاب المصادر (بر حاشیہ) یعنی خلاصہ نوادر المصادر

دہلی: مطبع محمد سعادت علی خاں۔ ۱۸۶۶ء۔ صفحات ۴۴

مجموعہ کتب

۱) دیوان سعدی از مصلح الدین سعدی شیرازی

کلکتہ، مطبع ایشیاٹک لیتھوگرافک کمپنی، ۱۲۴۳ھ/ ۱۸۲۸ء، صفحات ۴۴

۲) اخلاقِ جلالی

از ملا جلال الدین محمد ابن اسعد دوانی

ایضاً، ۱۲۴۲ھ/ ۱۸۲۷ء، صفحات ۱۰۱۔

۳) سبحۃ الابرار از مولوی عبدالرحمٰن جامی

ایضاً، ۱۲۴۳ھ/ ۱۸۲۸ء، صفحات ۷۵۔

۴) رقعات جامی از مولانا عبدالرحمٰن جامی

ایضاً، ۱۲۴۲ھ/ ۱۸۲۷ء، صفحات ۱۰۱۔

۵) سکندر نامہ از خواجہ نظام الدین گنجوی

ایضاً، ۱۲۴۳ھ/ نومبر ۱۸۲۷ء، صفحات ۸۸

اخلاق

اخلاق محسنی

تصنیف: ملا حسین واعظ کاشفی

Marfat.com

لکھنؤ: نولکشور۔۱۸۸۴ء۔صفحات ۱۶۰

خاتمہ الطبع مع قطعہ تاریخ از مولانا محمد ہادی علی اشکؔ مرحوم

نسخہ دیگر:

کانپور: مطبع نظامی۔۱۲۹۴ھ۔صفحات ۱۷۶

کتاب جاویدان خرد

تصنیف: ابن مسکویہ

تلخیص از حاجی شمس الدین محمد حسین

طہران۔۱۲۹۴ھ۔صفحات ۴۳۶

مکارمِ اخلاق کے بارے میں

منطق

رسالہ صغریٰ

تصنیف: سید شریف

مطبع حیدری، غالیہ آرای عروس انطباع گردید، ۱۲۶۳ھ، صفحات ۸

ہندیات

مدینۃ التحقیق (سری گنیش نامہ)

تصنیف: دیوان کرپا رام

جموں: مطبع بدیا بلاس، ۱۲۹۲ھ/ ۱۸۷۵ء/۱۹۳۲س، صفحات ۱۳۲ بخط جلی نستعلیق

صفحات ۱۱۶+ ۲۸+ (۱۵۵ تا ۱۵۹) ۵+ ۹ (غلط نامہ)

مع ''تحقیق التناسخ'' (تصنیف دیوان اننت رام خلف دیوان کرپا رام)

Marfat.com

رامائن (منظوم)

تصنیف: مصر رام داس قابل

لاہور: مطبع پنجابی، ۱۲۸۱ھ، صفحات ۲۰۴

مسیحیت

انجیل خداوند یسوع مسیح

ازمتی رسول ترجمہ فارسی

مطبوع در کلکتہ۔ سنہ ۱۸۰۵ء

نستعلیق ٹائپ، مع انگریزی سرورق

سیاحت مسیحی

ترجمہ پاطر صاحب قسیس

باستعانت آقا حسین قزوینی (از انگریزی)

طہران۔ صفحات ۴۰۰

(دو نسخے)

اسلامیات

فیض الرحمٰن فی آداب القران

مؤلف: غلام محمد غوث

دہلی: میور پریس، صفحات ۸۸۔ بلا تاریخ

تنقیح البیان

تالیف: سید ناصر الدین محمد ابو المنصور

دہلی: نصرت المطابع، ۱۸۸۰ء، صفحات ۲۳۸

Marfat.com

تفسیر القرآن مصنف سید احمد خان بہادر کا جواب مع ''تریاق''، تالیف : ناصر الدین محمد ابوالمنصور، در جواب مضمون مصنفہ جناب سید احمد خان بہادر مرقومہ ''تہذیب الاخلاق''

دہلی: نصرت المطابع، ۱۸۸۰ء، صفحات ۲۳

نظم القرآن۔ سیپارہ اوّل مع پند نامہ (منظوم)

مصنف: حسین بخش سوداگر متوطن میرٹھ حال ساکن قصور، ضلع لاہور

لاہور: مطبع صحافی، ۱۳۰۴ھ، صفحات ۷۵

تفسیر سورہ یوسف (منظوم)

کانپور: نولکشور، ۱۸۷۴ء، صفحات ۱۳۲

تفسیر عمدۃ البیان

تالیف: سید عمار علی

جلد دوم، دہلی: مطبع یوسفی، ۱۳۰۲ء، صفحات ۷۰۰، بڑی تقطیع

حصہ دوم: دہلی: مطبع چشمہ فیض، صفحات ۱۶۰، ناقص الآخر

روض الربیٰ فی ترجمۃ المجتبیٰ من اغنی سُنن النسائی

تصنیف: مولوی وحید الزمان خلف مولوی مسیح الزمان مرحوم

جلد اوّل: لاہور: مطبع صدیقی، ۱۳۰۲ھ، صفحات ۲۶۴

جلد ثانی، ایضاً، ۱۳۰۳ھ، صفحات ۶۰۶

بہ منشاء محمد صدیق حسن خان بہادر

اَشِعّۃ اللمعات فی شرح المشکوٰۃ

جلد رابع

لکھنؤ: نولکشور، ۱۲۸۹ھ، صفحات ۷۴۶، بڑی تقطیع

Marfat.com

تحفۃ القاری بترجمۃ صحیح البخاری

لودیانہ: مجمع البحرین، ۱۲۸۵ھ، صفحات ۲۳۶

کشف الغطا

تصنیف: رجب علی حسینی حسنی نقوی بھکری ثم دہلوی ثم لاہوری

لودیانہ: مطبع مجمع البحرین، ۱۲۸۵ھ، صفحات ۱۲۵

فارسی (منثور و منظوم)

(دو نسخے)

انیس الواعظین

لاہور: مطبع وکٹوریہ، صفحات ۲۹۲

لاہور: مطبع مصطفائی، ۱۸۷۹ء، صفحات ۲۹۶۔

القول القوی فی ذکر الخفی والجلی

تصنیف: مولوی غلام حسینی للوی

لاہور: مطبع محمدی، ۱۳۰۱ھ، صفحات ۱۶

قطعہ تاریخ از مفتی غلام سرور قریشی لاہوری

کفایۃ الخصام شرح علیٰ غایۃ المرام

تالیف: محمد تقی دزفولی

طہران: ۱۲۷۸ھ، صفحات ۷۲۲، بڑی تقطیع

رسالہ حسینیہ (فارسی ترجمہ)

کلکتہ: مطبع امامیہ، ۱۲۷۰ھ، صفحات ۲۱۲

Marfat.com

عین الحیات

تصنیف: محمد باقر

طہران: ۱۲۸۳ھ، بڑی تقطیع

سفینۃ النجات

تالیف: حسین علی رضائی

باہتمام پنڈت موتی لعل، ۱۲۶۳ھ، صفحات ۱۹۹

رسالہ شریفہ نصرۃ الدین

تالیف: مولانا حاجی محمد کریم خان کرمانی

بمبئی: ۱۲۸۵ھ، صفحات ۲۶۰

ارشاد العوام

تالیف: محمد کریم خان کرمانی

چار جلد در یک، طہران۔ ۱۲۷۱ھ، بڑی تقطیع

مباحثہ بین النفس والعقل

تالیف: واجد علی شاہ اختؔر

کلکتہ: مطبع سلطانی، ۱۲۹۱ھ، منظوم دیباچہ، صفحات ۱۱۴

قطعہ تاریخ از مرزا مسیتا عیشؔ

سبب تالیف وتصنیف (صفحات ۳۸-۵۰)

(دو نسخے)

ہدایۃ الطالبین در اصول دین

تالیف: ملا محمد تقی

Marfat.com

مطبوعاتِ ذخیرۂ آزاد (توضیحی فہرست) ۵۸ فارسی

طہران: ۱۲۸۵ھ، صفحات ۵۲۳

(دو نسخے)

سوال و جواب سرکار حجتہ الاسلام حاجی شیخ مرتضٰی

تالیف: محمد یوسف

طہران۔ ۱۲۷۱ھ

تشیید المطاعن و کشف الضغائن (دررِدِّ مطاعن تحفہ شاہ عبدالعزیز)

از: سید محمد قلی

دو جلد۔ لودیانہ: مجمع البحرین، ۱۲۸۳ھ، صفحات ۴۴۲

سواطع الانوار فی تقریظات عبقات الانوار

لکھنؤ: مطبع بستان مرتضوی، ۱۳۰۴ھ، صفحات ۵۶

ابتدائی صفحہ کے ایک دستی نوٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ کتاب محمد باقر نامی شخص نے محمد حسین آزاد کے کتاب خانہ کے لیے بھجوائی۔

رسالہ ہدیۃ البیان

تالیف: کریم بن ابراہیم

طہران۔ ۱۳۰۰ھ، صفحات ۴۶، چھوٹی تقطیع

یوم الغدیر

تالیف: نواب مہدی علی خان

عظیم آباد: مطبع صبح صادق، ۱۳۰۲ھ، صفحات ۳۱۹

(دو نسخے)

Marfat.com

رسالہ انوار خمسہ

تالیف: ابوالقاسم رضوی

لاہور: وکٹوریہ پریس، صفحات ۱۴۷ (جیبی سائز)

رسالہ وسیلۃ النجات و رسالہ توضیحات الآیات

طہران: ۱۳۰۰ھ

رسالہ قطب قاضی

لاہور: مطبع قادری، ۱۸۸۲ء، صفحات ۱۱

آدابِ صلوٰۃ کے متعلق

شرح تحفہ نصائح

تالیف: مولانا محمد گھلوی

لاہور: مطبع گلزار محمدی، ۱۸۸۲ء، صفحات ۲۸۶

طریق النجات

بطرز سوال و جواب

تالیف: آقا میرزا احمد حسن شیرازی

لاہور: نیو امپیریل پریس، ۱۳۰۲ھ، صفحات ۵۷

مجموعۂ خانی، کمال کریم

جلد اوّل۔ لاہور: مطبع مصطفائی، ۱۳۰۴ھ، صفحات ۲۰۴

جلد دوم۔ لاہور: وکٹوریہ پریس، صفحات ۱۶۰

(دو نسخے)

Marfat.com

لغات عینی مع عِلَلِ شرحِ وقایہ (عربی)

تالیف: نتھو شاہ
دہلی، مطبع یوسفی، ۱۳۰۴ھ، صفحات ۵۲

کتاب الطہارت

تالیف: ابو طالب
ناقص الاوّل، طہران۔ بلا تاریخ

سرور العباد

تالیف: محمد علی یزدی
لاہور: وکٹوریہ پریس، ۱۸۷۹ء، صفحات ۹۲
احکام شریعت سے بحث کی گئی ہے۔

بُغیۃ السائل

تالیف: سید محمد تقی
لکھنؤ: مطبع احمدی ۱۲۸۳ھ، صفحات ۱۶۸

منتخب الاعمال

تالیف: محمد مقیم
غالباً ناقص الاوّل، غالباً سرورق ندارد، صفحات ۱۷۶+۶ (غلط نامہ)
صفحہ اوّل پر ''داردز چشم مہر بمردم نظر علی'' کے تحت ۱۲۶۰ھ

صراط النجات

تالیف: سید احمد خوانساری
ایران، بہ سعی و اہتمام عزیز اللہ خاں، ۱۲۷۰ھ، صفحات ۱۰۳

Marfat.com

قدوری (فارسی)

ترجمہ: ابوالقاسم بن حسین

لاہور: مطبع مصطفائی، صفحات ۱۸۴۔ بلا تاریخ

رسالہ ایست وجیزہ در علم فقہ

تالیف: شیخ مرتضٰی الانصاری النجفی

لاہور: مطبع پنجابی، ذیحجہ ۱۲۷۹ھ، صفحات ۱۰۴

باعانت وامداد نواب علی رضا خاں قزلباش

ترجمہ رسالہ صلوٰتیہ (عربی از اخوند ملا باقر)

تالیف: محمود بن الحاج محمد

طبع ایران، جمادی الثانی ۱۲۸۵ھ، صفحات نمبر شمار ندارد۔

تاج المتقین وسراج العارفین

تصنیف: مولوی کرم الدین ساکن موضع بہین تحصیل چکوال، ضلع جہلم

جہلم: مطبع سراج المطابع، ۱۳۰۳ھ، صفحات ۱۶

مع تقاریظ عربی و فارسی از مولوی شیخ عبداللہ (ساکن عمر چک)، مولوی غلام جیلانی ولد مولوی محمد عالم رئیس کہوڑی ضلع گجرات، میاں محمد نظام الدین گجراتی وغیرہ

حجۃ بالغہ

تالیف: محمد جعفر

طہران۔ ۱۸۸۷ء، صفحات ۱۹۵، چھوٹی تقطیع

پہلے صفحہ کے حاشیہ کی تحریر کردہ عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ کتاب کتب خانۂ آزاد کو بطور تحفہ دی گئی۔

Marfat.com

منتخب مرصاد العباد

تصنیف: شیخ نجم الدین کبریٰ

طہران۔ ۱۳۰۱ھ، صفحات ۳۸۱، جیبی سائز

لطایف المعارف

تالیف: فضولی

در مجادلہ روح با ارکان اربعہ بدن

۱۳۰۱ھ، صفحات ۲۳، چھوٹی تقطیع

وظایف نامۂ سلطانی [تاریخِ تصنیف: ۱۲۵۳ھ]

تالیف: پناہ علی واثق

برائے شاہ اودھ محمد علی شاہ

بمطبع شاہی، ۱۲۵۴ھ، خوب صورت خط، جلی نستعلیق، صفحات ۳۸۴

پہلے اور آخری صفحے پر ایک جیسی اور سرخ روشنائی کی تین شاہی مہریں ثبت ہیں۔ ان میں ایک مہر امجد علی شاہ، ۱۲۶۰ھ، ایک مہر واجد علی شاہ، ۱۲۶۳ھ اور ایک بے نام مہر، ۱۲۵۳ھ کی ہے۔ اس کا تعلق بھی غالباً سلطنتِ اَودھ کے کسی نواب ہی سے ہے۔

دُرّ مجالس

تالیف: سیف الدین اوتھاری

لاہور: مطبع مصطفائی، سنہ ندارد، صفحات ۱۳۲

ترجمۃ الصلوٰۃ

تالیف: محمد باقر ابن محمد تقی

لاہور: مطبع پنجابی، ۱۲۸۲ھ، صفحات ۳۲

Marfat.com

ازالۃ العلۃ و إزاحۃ الاختلاف ملقب بہ جواب باصواب

تالیف: سید علی رضا

عظیم آباد: مطبع صبح صادق، ۱۲۹۴ھ، صفحات ۸۰

قوائم الانوار وطوالع الاسرار

تالیف: میرزا موسیٰ آقائی اصفہانی طباطبائی

طہران۔ ۱۳۱۱ھ، صفحات ۴۸۲

لآلی مخزونہ

تالیف: ملا محسن کاشانی

لکھنؤ۔ مطبع مظہر العجائب، ۱۳۰۰ھ، صفحات ۸۰

برق خاطف

تالیف: سید محمد

سلطان المطابع، باہتمام مرزا محمد حسن، سنہ ندارد [مطبوعہ کتاب ناقص الآخر ہے، چناں چہ افتادہ آخری دو صفحات قلمی شامل کر کے کتاب مکمل کی گئی ہے] صفحات ۸۲

دیوان مخزن التوحید

تصنیف: رائے کنہیا لال

لاہور: مطبع وکٹوریہ، ۱۸۸۵ء، صفحات ۲۵۲

تاریخ طبع از مفتی غلام سرور قریشی لاہوری سرورؔ

قوت روح

از بوالخیر احمد بخش

امرتسر: مطبع ریاض ہند، ۱۳۰۴ھ، صفحات ۳۲

Marfat.com

تقریظ مولوی غلام قادر گرامی جالندھری

سرورق پر ''نذر مولانا جناب مولوی محمد حسین آزاد پروفیسر''

زینت المجالس

از محمد مجد الدین مجدی الحسینی مجدی

بمبئی۔ ۱۲۶۶ھ، صفحات ۴۸۰، بڑی تقطیع

کتاب عقائد النساء مسمّٰی بہ کلثوم ننہ

تالیف: آقا جمال خوانساری

طہران۔ ۱۲۹۶ھ، صفحات ۱۹

طبع دیگر (باتصویر)

خواتین کے قصے

(دو نسخے)

کتاب گلشن

از مولانا حاجی محمد رحیم خان کرنانی

بمبئی۔ ۱۲۹۴ھ، صفحات ۱۶۷

حیات القلوب

تالیف: محمد باقر مجلسی بن محمد تقی

جلد اوّل، طہران۔ سنہ ندارد، صفحات ۳۷۷

جلد دوم، طہران، ۱۳۳۰ھ، صفحات ۶۳۴

درکار خانہ حاجی عباس علی تبریزی بسعی و اہتمام حاجی شیخ رضا طہرانی و ابو القاسم میرزا محمد رضا اصفہانی

Marfat.com

حیات القلوب

از محمد باقر بن محمد تقی

مطبوعہ ۱۲۶۰ھ، مقام اشاعت درج نہیں، صفحات ۴۰۰

جلاء العیون

مؤلف: محمد باقر

طہران۔ ۱۲۷۶ھ، صفحات ۳۵۵

انوار الشہادۃ فی مصیبت العترۃ الطاہرۃ

مؤلف: حسن ابن علی الیزدی الحائری مشہور بہ فاضل یزدی

لاہور۔ مطبع سلطانی الموسوم بہ نیو امپیریل پریس، ۱۲۸۷ھ، صفحات ۲+۲۵۴

بستان المحدثین

تالیف: مولانا عبدالعزیز دہلوی بن شیخ ولی اللہ

باہتمام منشی محمد منیر، پرنٹر مسٹر جیکب، سنہ ندارد، صفحات ۱۴۶

اشراق اختری

تالیف: سید محمد شفیع رضوی

حسب الحکم سلطان عالم

کلکتہ: مطبع سلطانی، ۱۲۹۳ھ، صفحات ۱۹۴

ترجمہ کتاب الطہارت از ابوعلی مسکویہ

معراج سعادت

مؤلف: حاج زین العابدین شیرازی

طہران۔ ۱۲۹۶ھ، صفحات ۴۰۳

Marfat.com

الناصح الامین لتنبیہ الغافلین

مؤلف: صفدر حسین امین

در مطبع اسحاق جون پوری، عربی متن مع فارسی ترجمہ، سنہ ندارد، صفحات ۱۶

عین الحیات

مؤلف: مولوی عنایت علی قادری

دہلی: مطبع رضوی، ۱۳۰۳ھ، صفحات ۱۵۴

مسائل قیام وسلام ومعانقہ ومصافحہ

نزہۃ اثنا عشریہ

تالیف: میرزا محمد عنایت اللہ خان (م۔ ۱۲۳۵ھ)

جلد چہارم، لودہیانہ: مطبع مجمع البحرین، ۱۲۷۹ھ، صفحات ۴۱۶

(دو نسخے)

ایک نسخے کے ساتھ درج ذیل کتاب بھی ہے:

''صبقات الانوار فی امامۃ الائمہ الاطہار''

تالیف: سیّد حامد حسین

لکھنؤ: مطبع اشرف الاخبار، ۱۲۷۳ھ، صفحات ۳۶

''مہر کتب خانہ مولوی سید رجب علی خان بہادر''

ایضاً

تالیف: ابنِ عنایت اللہ خاں المتخلص بہ کامل میرزا محمد

جلد نہم۔ دہلی: مطبع دہلی اردو اخبار، ۱۲۷۲ھ، صفحات ۳۵۰ [سرورق اُفتادہ ہے]

باہتمام بندہ محمد حسین مہتمم

Marfat.com

آیات الفضائل

تالیف: میرزا علی

ایران، ۱۲۷۳ھ، نمبر شمار ندارد

باہتمام حاجی سیّد علی

روضۃ الائمہ

تالیف: مولوی سید عزت علی رضوی ولد مولوی سید پیر علی رسولپوری

درکوٹھی کلاں بمطبع محمدی، ۱۲۷۱ھ، صفحات ۱۴۴ و ۸

قرآنی آیتوں کی فضیلتوں کے بارے میں

مجالس المومنین

تالیف: نوراللہ ششتری

طہران، دارالطباعہ علی قلی خاں قاجار، باہتمام ملا امین طہرانی، ۱۲۹۹ھ، صفحات ۵۴۳

بلاعنوان (کتاب در باب مذہب شیعہ)

ایران، کاتب میرزا محمد علی شیرازی، ۱۲۸۳ھ، صفحات ۳۲

جواہر عبقریہ فی ردّ تحفہ اثنا عشریہ

تالیف: مفتی میر عباس

لکھنؤ: درکارخانہ آغا جان، ۱۲۷۱ھ، صفحات ۳۷۲

عبقات الانوار فی امامۃ الائمہ الاطہار

تالیف: سید حامد حسین

لکھنؤ: مطلع نور، ۱۲۹۴ھ، صفحات ۶۰۹، بڑی تقطیع

دوسرا ایڈیشن: لودہیانہ: مجمع البحرین، ۱۲۹۳ھ، صفحات ۱۲۵۱

Marfat.com

ابتدائی صفحہ کے ایک دستی نوٹ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ کتاب محمد کاظم نے ''مولانا محمد حسین'' کو ہدیتاً ارسال کی (۱۲۹۹ھ)

استقصاء الافحام واستیفاء الانتقام

تالیف: سید حامد حسین

جلد اوّل، لودیانہ: مجمع البحرین، ۱۲۷۶ھ، صفحات ۴۵۲

جلد دوم (صفحات ۴۵۷ تا ۱۱۲۲)

حدیقۃ الشیعہ

تالیف: اردبیلی

طہران۔ صفحات ۳۲۲، بڑی تقطیع

معراج المومنین

تالیف: سید محمد عباس

دہلی: مطبع مجمع العلوم، صفحات ۳۵۸۔ بلا تاریخ

طہارت اور نماز شیعہ سے متعلق

برہان المتعۃ

تالیف: سید ابو القاسم ابن الحسین النقی الرضوی القمی

[تصنیف: محرم ۱۲۹۵ھ]

لاہور: وکٹوریہ پریس، صفحات ۷۶، سنہ اشاعت ندارد

سراج المتہجدین

تالیف: نوروز علی ابنِ محمد باقر بسطامی

طبع ایران، سنہ ندارد، صفحات شمار ندارد۔

Marfat.com

افعال الصلوٰۃ

تصنیف: محمد بن الحسن الموسوی

لاہور: نیو امپیریل پریس، ۱۳۰۴ھ، صفحات ۴۷

مسائل صلوٰۃ بحوالہ فقہ جعفریہ

مجموعۂ اعمال یوم عاشور و اربعین و بیست و ہشتم صفر و عمل شب قدر

بمبئی، درکارخانہ داؤد میاں، ۱۲۹۶ھ، صفحات ۹۲

رسالہ تقیہ

مرتب: حامد حسین، بہ فرمائش اعتماد الدولہ نواب سیّد حامد علی خاں
باہتمام مدد علی داروغہ سلطان درکارخانہ شیخ محمد بخش طبع گردید (طبع غالباً لکھنؤ)
سنہ ندارد، (ماقبل ۱۸۵۷ء کی مطبوعہ) صفحات ۶۹
[دو نسخے۔ ایک نسخے میں آخری صفحہ افتادہ ہے]

روضۃ الاحکام

تالیف: مولانا سید علی نقی

صفحات ۱۵۵، ۱۲۶۵ھ۔ مقام اشاعت ندارد

تنبیہ الغافلین ترجمہ و شرح نہج البلاغۃ

از فتح اللہ

طہران۔ بعہد ناصر الدین شاہ قاجار، صفحات ۴۶۲

تصوف

رہنما کونین یعنی کلمات خدیو دارین اعلیٰ حضرت داراشکوہ پُر شکوہ

جلد اوّل: گوجرانوالہ: گیان پریس۔ صفحات ۴۲۔ بلا تاریخ

Marfat.com

فصول کے عنوانات معرفت سلوک، مبداء سلوک، وحدت، ہدایت خلق، تجرید سالک، آغاز فطرت، تصفیہ قلب، عشق، حقایق عشق، حیرت عشق وغیرہ

لغات

قاطع برہان

مصنف: مرزا اسد اللہ خان غالبؔ

لکھنؤ۔ نولکشور، ۱۸۶۲ء، صفحات ۹۷+۱ (غلط نامہ)

آخری صفحہ کے بائیں کونے پر غالبؔ کی مہر

محرق قاطع برہان

تصنیف: منشی سیّد سعادت علی

دہلی: مطبع حیدری، ثمانین و مائتین والف، صفحات ۹۶

لائبریری کارڈ سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک بار اس کتاب کو ''محمد باقر نبیرۂ آزاد'' نے جاری کرایا تھا۔

مؤید برہان

تالیف: مولوی آغا احمد علی احمد

کلکتہ: مطبع مظہر العجائب، ۱۲۸۲ھ، صفحات ۴۷۵+۹ (فہرست)

مع ''شمشیر تیز تر'' (از احمد علی احمد) بہ سعی و کوشش عبداللہ خان، در مطبع نبوی، ۱۸۶۷ء، صفحات ۱۵+۱۰۶۔

ابتدا میں ''قطعہ در سپاس گذاریٔ یاد آوری بعالی خدمت جناب مولوی آغا احمد علی صاحب جہانگیر نگری از جانب پوزشخواہ جرم پیراہہ روی اسد اللہ خان غالبؔ دہلوی''۔ اس کے بعد مختلف قطعات در جواب قطعہ غالبؔ (صفحات ۱۵)۔ اس کے بعد متن کتاب شروع ہوتا ہے۔

Marfat.com

قاطع القاطع

تالیف: مولوی امین الدین
دہلی: مطبع مصطفائی، ۱۲۸۳ھ، صفحات ۲۶۶، ناقص الآخر

برہان قاطع

مؤلف: محمد حسین برہانؔ
کلکتہ: ۱۲۳۳ھ، صفحات ۱۰۹۰ (نستعلیق ٹائپ)

منتخب اللغات رشیدی

مؤلف: عبدالرشید
کلکتہ: مطبع صبح صادق، ۱۲۶۱ھ، صفحات ۲۷۸ (نستعلیق ٹائپ)

بہارِ عجم

مؤلف: ٹیک چند بہار
جلد اوّل۔ دہلی: مطبع العلوم، ۱۸۵۳ء، صفحات ۸۷۷
جلد دوم۔ صفحات ۸۰۳، دہلی: مطبع قران السعدین، گذر کشمیری دروازہ
دونوں جلدوں کے حواشی پر محمد حسین آزادؔ کے تحریر کردہ حواشی

ہفت قلزم

مؤلف: غازی الدین حیدر
جلد اوّل، لکھنؤ: صفحات ۲۲۹
جلد دوم، ایضاً، صفحات ۲۴۲، (آخری دو صفحات کتابت کرا کے مکمل کی گئی)
جلد سوم، ایضاً، صفحات ۲۴۵
جلد چہارم، صفحات ۱۷۹
جلد پنجم، صفحات ۱۸۰

Marfat.com

جلد ششم، صفحات ۱۶۱
مطبع سرکاری، ۱۲۳۷ھ

لغات شاہجہانی

از مولوی حکیم محمد احسن
بھوپال: مطبع فیض، ۱۲۹۵ھ، صفحات ۵۰

فرہنگ خدا پرستی

تالیف: عبدالوہاب
طہران۔ ۱۲۷۷ھ، صفحات ۳۰۷

گلستان (فرہنگ) فارسی/ انگریزی

از ایف- جانسن
صفحات ۱۴۳

گنجینۂ معانی یعنی فرہنگ گنجینۂ خرد

برائے جماعت سوم
دہلی: محمود المطابع، ۱۸۸۲ء، صفحات ۸۷ وضمیمہ (صفحات ۳۱)

رسالہ عبدالواسع

از عبدالواسع ہانسوی
کانپور: نولکشور، ۱۸۷۹ء، صفحات ۸۴

ملاذ الکلمات

تالیف: واجد علی شاہ اختر
لکھنؤ: مطبع سلطانی، ۱۲۹۷ھ، صفحات ۱۲۷، ناقص الآخر

Marfat.com

برہان جامع (فرہنگ محمد شاہی)

مؤلف: محمد کریم

طہران، ۱۲۶۰ھ، صفحات ۲۳۰

(دو نسخے)

معدن فیض عام معروف بہ کشف اللغات افغانی

مؤلف: منشی نرائن داس پشاوری

پشاور: مطبع مرتضوی، ۱۲۹۸ھ، صفحات ۱۲۰

دری کشا

تالیف: مولوی نجف علی خان باشندۂ جھجر

دہلی: اکمل المطابع، ۱۲۸۱ھ، صفحات ۶۶

آخری صفحہ پر "تقریظ طبع زاد جناب نواب نجم الدولہ اسد اللہ خان صاحب بہادر المتخلص بہ غالبؔ"

فرہنگ منتخبات فارسی

صفحات ۶۵

A Vocabulary of the Names of the Various Parts of the Human Body and of Medical and Technical Terms in English, Arabic, Persian, Hindee and Sanscrit for the use of the Members of the Medical Department in India.

By Peter Breton, Calcutta 1825

قواعد زبان/ درسیات

دریائے لطافت

مؤلف: سید انشاء اللہ خان انشاؔ

Marfat.com

مرشد آباد: چھاپہ خانہ آفتاب عالمتاب
۱۲۶۶ھ، صفحات ۴۷۶ (نستعلیق ٹائپ)
قواعد اردو

مُنشِعب

مطبع گنیش پرکاش، ۱۲۸۳ھ، ۱۸ صفحات [یک جا ہمراہ ''میزان الصرف'' لاہور، ۱۸۶۷ء]

میزان الصرف

لاہور: مطبع محمدی، باہتمام محمد بخش، ۱۸۶۷ء، صفحات ۲+۲۸
واسطے استعمال طلبا مدارس پنجاب، حسب الحکم میجر فلر [یک جا ہمراہ ''منشعب'']

کتاب میزان الصرف

ایران، مطبع دارالفنون، ۱۳۰۰ھ، صفحات ۱۷۷

مفیض فارسی

تصنیف: مولوی محمد عبداللہ بلگرامی
حصہ اوّل۔ کانپور: نولکشور، ۱۸۷۴ء، صفحات ۶۸
قواعد صرف ونحو

جواہر الحروف

مؤلف: ٹیک چند بہار
کانپور: مطبع خاص حاجی حرمین شریفین مولوی محمد حسین، ۱۲۶۷ھ، صفحات ۱۰۰
آخری صفحہ پر ایک قلمی تحریر ''از عدالت کتب خانہ'' اس اردو عبارت میں فتویٰ طلب کیا گیا ہے کہ مدفون مردہ کو کسی وجہ سے قبر سے دوبارہ نکالا جا سکتا ہے۔

Marfat.com

ابطال ضرورت

مؤلف: ٹیک چند بہار

دہلی: اشرف المطابع، ۱۲۶۸ھ، صفحات ۷۸

چار شربت

مؤلف: محمد حسن قتیل

مطبع محمدی، ۱۲۶۱ھ، صفحات ۸۵

(دو نسخے)

ایک نسخے کے ابتدائی صفحہ پر ڈاکٹر سیّد عبداللہ کے دستخط موجود ہیں۔

نہر الفصاحت

مؤلف: محمد حسن قتیل

کانپور: نولکشور، ۱۸۷۲ء، صفحات ۷۰

نسخۂ دیگر:

کانپور: مطبع آصفی۔ ۱۲۷۹ھ، صفحات ۴۴

نحو فارسی و ترکیب الاشعار و صرف فارسی و مطلع العلوم فارسی

از امام بخش صہبائی

دہلی: مطبع فیض عام، ۱۸۶۶ء، صفحات ۳۲

منتخب النحو

تصنیف: امیر حیدر حسینی بلگرامی خلف میر غلام علی آزاد بلگرامی

باہتمام آغا جان حلیہ طبع پوشید، ۱۲۴۳ھ، صفحات ۴۴

Marfat.com

نوادر المصادر

در مطبع مصطفائی، ۱۲۷۲ھ، صفحات ۱۲۰

شجرۃ الامانی

مؤلف: محمد حسن قتیل

کارخانہ محمد بخش، ۱۲۶۷ھ، صفحات ۲۰

ابتدائی صفحہ پر ڈاکٹر سید عبداللہ کے نوٹس۔ اس کی فوٹو کاپی بھی موجود ہے۔

رسالہ در قواعد اردو و معسکر (فرانسیسی سے فارسی ترجمہ)

از محمد حسین خان قاجار

طہران۔ صفحات ۶۲

مثنوی تشریح الحروف

از حفظ اللہ

بمطبع حسینی بمحلہ محمود نگر طبع گردید، ۱۲۵۹ھ، صفحات ۱۸

مخزن الفوائد

از محمد فائق

لکھنؤ: سلطان المطابع، ۱۲۶۷ھ، صفحات ۱۴۸

قواعد حسین لندنی

تصنیف: میر محمد حسین لندنی

دہلی: مطبع مصطفائی، ۱۲۶۹ھ، صفحات ۴۷

Marfat.com

چہار گلزار

از نثاری

کانپور؛ نولکشور، صفحات ۵۲، ناقص الآخر

دستور پارسی آموز

از عبید اللہ عبیدی

جزو اوّل و ثانی، آگرہ: مطبع میڈیکل پریس، ۱۸۷۳ء، صفحات ۳۵۱

ایک قطعہ تاریخ از عبد الغفور نساخ

احسن القواعد

مؤلف: مولوی نجف علی خان

بریلی: مطبع صدیقی، ۱۲۹۳ھ، صفحات ۲۷۶

قواعد فارسی

مؤلف: مولوی مولا بخش

لاہور: مطبع مفید عام، ۱۸۸۲ء، صفحات ۹۸

صفوۃ المصادر

لاہور: سرکاری مطبع، ۱۸۸۳ء، باہتمام بابو چندر ناتھ، صفحات ۲۷

صفحات کو مختلف خانوں میں بانٹ کر مصدر، اس کے معنی وغیرہ دیئے گئے ہیں۔

تشریح الاضافہ

از مولوی محمد عبد الحکیم کلانوری

لاہور: مطبع انجمن پنجاب، ۱۸۷۶ء، صفحات ۱۶

حسب استدعائے طلبائے جماعت اوّل فارسی، یونیورسٹی کالج لاہور۔

Marfat.com

مشتملبر دو ابواب: تعریف اضافت اور اس کی تقسیم اور حروف مفکوک الاضافۃ کی تشریح

فصول اکبری و گہر منظوم

کانپور: نولکشور، ۱۲۶۲ھ، صفحات ۱۱۶

کافل العروض

از قدرت احمد بن حافظ عنایت بن حافظ محمد شرف الحسن فاروقی صفوی گوپاموی

اسم تاریخی۔ ناقص الاوّل، فنِ عروض و قافیہ، صفحات ۲۴

لکھنؤ: مطبع حسنی، ۱۲۶۰ھ

انٹرنس کورس فارسی مسمّیٰ بہ گلدستہ دانش

تالیف: محمد محی الدین

آگرہ: مطبع مفید عام، ۱۸۸۴ء، صفحات ۱۹۲

بی۔ اے کورس فارسی (پنجاب یونیورسٹی)

لاہور: مطبع انجمن پنجاب، ۱۸۸۳ء، صفحات ۲۰۰

انٹرمیڈیٹ کورس فارسی (پنجاب یونیورسٹی)

لاہور: مطبع انجمن پنجاب، ۱۸۸۳ء، صفحات ۲۰۰

فارسی کی پہلی کتاب (برائے سررشتہ تعلیم پنجاب)

لاہور: مطبع سرکاری، ۱۸۷۰ء، صفحات ۴۴

فارسی کی دوسری کتاب (برائے سررشتہ تعلیم پنجاب)

لاہور: مطبع سرکاری، جلد دوم، ۱۸۷۰ء، صفحات ۵۵

Marfat.com

فارسی زبان کا نصاب (برائے ساتویں جماعت)

حسب الحکم میجر ہالرائڈ

لاہور: سرکاری مطبع، ۱۸۷۶ء، صفحات ۸۹

طبع ثانی، ۱۸۸۰ء

فارسی کا نصاب

مڈل سکول کی پہلی جماعت کے واسطے

حسب الحکم لفٹننٹ کرنل ہالرائڈ، باہتمام ماسٹر پیارے لال کیوریٹر

لاہور: سرکاری مطبع، دفعۂ دوم، ۱۸۸۰ء، صفحات ۳۰۲

مکالمہ (فرانسہ بفارسی)

کتاب دُویم، ایران، صفحات ۱۹۱

گفتگوئی نامہ فارسی

دہلی: مطبع چون پرکاش، ۱۳۰۳ھ، صفحات ۲۴

ثمرات البدیع

از مرزا محمد حسن قتیل

مطبع محمدی، ۱۲۶۳ھ، صفحات ۳۱۱

دستور الصبیان (برائے طلبا مدارس پنجاب)

حسب الحکم کپتان فلر

لاہور: مطبع سرکاری، ۱۸۶۴ء، صفحات ۳۰

دستور الصبیان

تصنیف: منشی نوندہ رائے

Marfat.com

کانپور: نولکشور، ۱۸۶۶ء، صفحات ۲۰

ایک اور ایڈیشن، امرتسر: مطبع چشمہ نور، صفحات ۲۰۔ بلا تاریخ

مکتوبات (برائے افادہ تعلیم مبتدیاں)

الفبائے بہروزی

درکارخانہ افشار۔۔۔۔ دراسلامبول، ۱۲۹۹ھ، صفحات ۲۶

کتاب تادیب الاطفال

طہران۔ ۱۲۹۳ھ، صفحات ۲۰۹

(دو نسخے)

نورمل سکولوں کے واسطے۔ زیرنگرانی آر۔ ڈک

بحکم ڈائریکٹر سررشتہ تعلیم پنجاب

لاہور: سرکاری مطبع ۱۸۸۵ء، صفحات مختلف ہیں۔

مشتملبر نگار دانش، گلستان، تاریخ ملکم، نامۂ خسرواں، رقعات (غالب، قتیل، حفیظ)، بوستاں، دیوان سعدی، شاہنامہ، سکندر نامہ

(دو نسخے)

نصاب انگلیسی (لغات انگریزی/ فارسی/عربی)

تالیف: شاہزادہ اعظم معتمد الدولہ فرہاد میرزا

طہران۔ ۱۲۸۳ھ، صفحات ۱۵۲

منتخبات فارسی

لاہور: مطبع سرکاری، ۱۸۷۲ء۔ صفحات ۲۶۹

منظوم اور نثری تحریروں کا انتخاب

Marfat.com

Polyglot Munshi or Vocabulary

Exercises, Pleasant Stories etc. in English, Persian, Hindi, Hindustani and Bengali: By Munshi Debi Parsad Rae

Calcutta 1841, pp.135

The Persian Manual. A Pocket Companion.

By Capt. H. Wilberforce Clarke

London 1872, pp.439

A Persian Grammar on an Aryan Basis.

By C.S. Kirkpatrik

Delhi 1878, pp. 37

(بزبان اردو)

The Persian Guide exhibiting the Arabic Derivatives.

Compiled by Francis Gladwin

Calcutta, 1800, pp. 419

A Grammar of the Persian Language.

By M. Lumsden. 2 vols. Calcutta 1805, 1810, pp.458, 1582

ریاضیات

ہدایۃ الحساب

تالیف: آقا میرزا عبدالغفار

طہران۔۱۲۹۲ھ، صفحات ۴۷۸

Marfat.com

کفایۃ الحساب

مصنف: میرزا عبدالغفار

طہران۔ ۱۲۹۱ھ، صفحات ۴۴۴

میزان الحساب

مصنف: موسیو کریشس، ترجمہ میرزا زکی ماژندرانی

طہران۔ ۱۲۷۴ھ، صفحات نمبر درج نہیں۔

رسالہ مساحت

مصنف: موسیو کریشس ترجمہ مرزا زکی ماژندرانی

طبع ایران

آخر میں تصاویر و اشکال

رسالہ فی مسائل السبع من الخلاصہ و ایراد قواعد شریفہ مہمہ فی حلہا و حل سایر المسائل المشکلۃ الحسابیۃ

از عبدالغفار ابن علی محمد اصفہانی

ایران، سنہ و ناشر ندارد، نمبر شمار صفحات ندارد، [۶۴+ اصفحات]

خلاصۃ الحساب

از شیخ بہاء الدین

اسی کتاب کے ساتھ:

۱) کتاب فارسی ہیئۃ

طہران۔ در عہد ناصر الدین قاجار

۲) دور جاہلیہ اور دور اسلام کے شعر و ادب اور وقائع مع حواشی (بزبان عربی)

سنہ کتابت ۱۲۸۷ھ (قلمی نسخہ)

Marfat.com

اصول ہندسہ

مصنف: میرزا عبدالغفار

طہران۔۱۲۹۲ھ، صفحات ۲۸۶

مع اصول مثلثات مستقیمہ، الخطوط از میرزا عبدالغفار، طہران۔۱۲۹۲ھ، صفحات ۱۰۹

جلد اوّل لگاریتم و جلد اوّل لگاریتم خطوط مثلث

تالیف: آقا مرزا عبدالغفار نجم الملک

طہران۔۱۲۹۲ھ، صفحات ۱۷

نجوم

فلک السعادۃ در ابطال احکام نجوم

از علی قلی مرزا

طہران۔۱۲۷۸ھ، صفحات ۱۷۰

حدایق النجوم

تصنیف: منشی الملوک فخر الدولہ دبیر الملک راجہ رتن سنگھ بہادر ہشیار جنگ لکھنوی

لکھنؤ: مطبع محمدی۔۱۸۴۱ء۔ صفحات ۵۵۹-۱۱۵۸

آخری صفحہ پر ترقیمہ کی عبارت ہاتھ سے لکھی گئی ہے۔

فالنامہ

کتاب فال نامہ

ایران۔ بلا تاریخ، نمبر شمار صفحات ندارد [۱۶ صفحات]

Marfat.com

طب

تحفۃ العیش

تصنیف: مولوی احمد دین خلف حکیم الٰہ دین

لاہور: مطبع گلشن رشیدی، ۱۲۹۹ھ، صفحات ۴۸

رسالہ در کیفیت مرض طاعون و معالجہ آن

طہران۔ ۱۲۹۳ھ، صفحات ۱۷

خمریہ۔ اختلال نظام عالم بواسطہ مسکرات

تصنیف: میرزا تقی خان کاشانی

اصفہان۔ ۱۸۷۱ء، صفحات ۱۳۷

دافع المنیہ و نافع البریہ فی احکام التغذیہ لاصحاب التخمۃ والہیضۃ

از میر قاسم علی ڈاکٹر

در مطبع علوی۔ ۱۸۷۴ء، صفحات ۹۹

سرورق پر ''سید علی حیدر طباطبائی ہدیہ حکیم نواب مرزا صاحب از حیدر آباد دکن شعبان ۱۳۰۱ھ''

خوان نعمت

(از مطبخ خاص امیر عظام نواب قاسم علی خان بہادر قیام جنگ)

لکھنؤ: مطبع مصطفائی، ۱۲۶۵ھ، صفحات ۱۵

مخزن الاکسیر

تصنیف: حکیم امام الدین پاکپتنی

جالندھر: مطبع آفتاب ہند، ۱۸۸۲ء، صفحات ۱۴۰

Marfat.com

ضیاء الابصار فی حد الباہ

تصنیف: حکیم محمود خان خلف حکیم محمد صادق علی خان

تصحیح و تنقیح: حکیم غلام رضا خاں

دہلی: مطبع احمدی ۱۲۷۸ھ، صفحات ۱۶۰

قطعات تاریخ از میرزا محمد علی بیگ، مرزا قربان علی بیگ سالکؔ، میرزا شمشاد علی بیگ برادر میرزا قربان علی بیگ، محمد مقصود کاتب۔

کتاب علم امراض

فرانسیسی سے فارسی ترجمہ

طہران۔ ۱۲۹۷ھ، صفحات ۵۱۱

موسیو کریزل نے ۱۸۷۲ء میں مختلف امراض پر فرانسیسی میں کتاب چھپوائی تھی۔

میزان الطب

از محمد اکبر

بہ تصحیح و مقابلہ نسخہ ہائے معتبرہ متن و تحشیہ متضمن حل الفاظ و غوامض معانی سید محمد الشبیر بہ سفیر الحق در مطبع اصغری۔ صفحات ۱۷۴۔ بلا تاریخ۔ مع حواشی کثیرہ۔

نسخۂ کفایہ منصوری

از منصور بن محمد بن احمد بن یوسف بن الیاس

دہلی: مطبع دہلی اردو اخبار۔ ۱۲۶۸ھ۔

مخزن الادویہ (میر محمد حسین) مع تحفۃ المومنین (محمد مومن)

دہلی: در مطبع احمدی واقع شاہدرہ دلہائی، باہتمام امو جان۔ ۱۸۶۴ء۔ صفحات ۷۶۷ (بڑی تقطیع)

Marfat.com

تریاق استمنا

تالیف: حکیم امام الدین (ملازم مہاراجہ کپورتھلہ)
لاہور: مطبع وکٹوریا۔ صفحات ۸۰۔ بلا تاریخ

بُسحق اطعمہ (منظوم)

از ابو اسحٰق المعروف بلاج
طہران۔ ۱۲۹۹ھ۔ در چاپ خانہ مشہدی تقی۔
صفحات نمبر نہیں دیئے گئے۔ باتصویر
مختلف کھانوں سے متعلق

خوشنویسی

مشق نستعلیق (حصہ دوم)

لاہور: مطبع سرکاری ۱۸۸۶ء۔
ایک اور ایڈیشن: لاہور: مطبع سرکاری ۱۸۵۶ء

پنجۂ نگارین

کانپور: مطبع نظامی، ۱۲۷۹ھ، صفحات ۶۰
خط نستعلیق کے نمونے

علمِ ہیئت

حدائق الطبیعہ در اثبات حرکت زمین و مختصری از علم ہیئت معاصرین

نگارش ابجی خان کاشانی
جلد اوّل، اصفہان، ۱۳۰۰ھ، صفحات ۱۶۳
(دو نسخے)

Marfat.com

حکمت طبیعی

اصول علم فزیک

تالیف: مقرب الحضرت العلیہ علی خاں، معلم توپخانۂ مدرسہ مبارکہ دارالفنون
متن چاپ اوّل۔ طہران ۱۲۹۵ھ۔ صفحات ۴۵۶
سرورق کے حاشیہ پر نوٹ بقلم مؤلف (۱۳۰۳ھ)

فنِ حرب

رسالہ در قواعد جنگ عموماً و قپوز کوہی خصوصاً (فرانسیسی سے فارسی ترجمہ)

طہران۔ سنہ ندارد، صفحات ۱۸۲، مع تصاویر

کتاب قواعد توپ اندازی و توپ ریزی و نظام توپ خانہ

مصنف: موسیو کریشیس ہنگ
ترجمہ از میرزا زکی ماژندرانی
طبع ایران۔ سنہ و صفحات نمبر ندارد۔ آخر میں ۲۰ مختلف گوشوارے اور نقشے۔

ہدایت نامہ سربازان

ایران، ۱۲۷۸ھ، ۳۱ + ۴ صفحات

قانون قشون ایران

طہران۔ ۱۲۷۷ھ۔ صفحات ۱۰۷
باب اوّل: در تعیین تکالیف رئیس
کل قشون و سایر رؤسا و دایرۂ وزارت خانۂ لشکر .....

Marfat.com

علمِ تحصّن

از موسیو بوہلر

ترجمہ: میرزا علی اکبر مہندس شیرازی

طہران۔ ۱۳۷۵ھ، صفحات ۳۲۱

اصول تعمیر قلعہ جات

ابتدائی صفحہ پر نوٹ بخط مترجم، جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ کتاب آزاد کو اُن کے قیامِ طہران کے دوران پیش کی گئی۔

تقویم

تقویم فارسی سال ۸۰۸ھ

از علی محمد عبدالغفار اصفہانی

طہران۔ ۱۳۰۳ھ، صفحات ۲۳

تقویم فارسی سال ۸۰۵ھ

از علی محمد عبدالغفار اصفہانی

طہران۔ ۱۳۰۰ھ، صفحات ۲۳

فنِ شالبافی

رسالہ در فن شالبافی

تصنیف: حاجی مختار شاہ رئیس کشمیر عرف قبیلہ آشائی حنفی

لاہور: مطبع کوہ نور ۱۸۸۷ء، صفحات ۲ + ۱۶ (متن) + ۱۵ ورق (نمونہ جات)

بپاسِ خاطر ڈاکٹر جی، ڈبلیو، لائٹنر

Marfat.com

